https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | ہفتہ 26 ستمبر 2026ء | 12 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 164

بلوچستان کے عوام اپنی سرزمین پر امن استحکام اور ترقی چاہتے ہیں، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن دشمن عناصر کے عزائم کو مسترد کیا ہے۔ صوبے کے عوام اپنی سرزمین پر امن، استحکام اور ترقی چاہتے ہیں

ریاستی اداروں کی مسلسل کارروائیوں کے باعث دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف دباؤ بڑھ رہا ہے اور ان کے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کیا جا رہا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن دشمن عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم قابل فخر ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کی جانے والی کارروائی میں 11 دہشت گردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور بروقت کارروائی کا نتیجہ ہے۔ آپریشن شبان کے دوران دہشت گردوں کے مزید ٹھکانوں کے خلاف کارروائی اور پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت بھی ایک اہم کامیابی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ ترقیات زاہد سلیم ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم کا محمود خان اچکزئی کو ایک اور خط، مذاکرات کی دعوت

اپوزیشن ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے خط موصول ہونے کی تصدیق کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو ایک اور خط لکھ کر انہیں مذاکرات کی دعوت دے دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، حکومت کا سیاسی راستہ بھی کھلا رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے پیش نظر حکومت نے حکمت عملی مزید سخت کرنے کے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم پٹرول ریلیف سکیم، 47 لاکھ مستحق افراد کو رعایتی پٹرول کی فراہمی، 58 لاکھ سے زائد رجسٹریشن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وزیر اعظم پٹرول ریلیف سکیم کے تازہ ترین اعداد و شمار جاری کرتے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی الجزائر کے وزیر خارجہ احمد عطاف سے ملاقات

دونوں وزرا نے مختلف کثیر الجہتی فورمز بالخصوص اقوام متحدہ میں دونوں فریقوں کے درمیان بہترین تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا

نیو یارک (این این آئی) نائب وزیر اعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے الجزائر کے وزیر خارجہ احمد عطاف سے ملاقات کی اور دونوں وزرا نے مختلف کثیر الجہتی فورمز بالخصوص اقوام متحدہ میں دونوں فریقوں کے درمیان بہترین تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ ٹرین "جناح پیپلز ٹرین" عوامی خدمت کیلئے تیار

جناح پیپلز ٹرین کے روٹ پر 7 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں، جن میں کچلاک، بلیلی، شیخ ماندا، جی او آر، کوئٹہ، لوڑ کاریز اور سریاب شامل ہیں

ٹرین سروس کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں عوام کو جدید، محفوظ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرنے کیلئے جناح پیپلز ٹرین منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے حکومت بلوچستان کے مطابق اس منصوبے سے کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کو ریلوے کے ذریعے باقاعدہ سفری سہولت میسر آئے گی۔ جناح پیپلز ٹرین کیلئے 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن کا کام صرف 120 روز میں مکمل کیا گیا، جبکہ منصوبے پر تقریباً 3 ارب روپے لاگت (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ایران نے امریکا کو جنگ کے خاتمے و آبنائے ہرمز کھولنے کا 7 روزہ پلان پیش کر دیا

امریکا کی آمادگی کی صورت میں ایران تجاویز پر فوری عمل درآمد کے لیے تیار ہے، وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران نے امریکا کو جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کھولنے اور ایٹمی پروگرام پر جامع مذاکرات کے لیے 7 روزہ پلان پیش کر دیا۔ صحافیوں سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ تجاویز امریکا اور ایران کے درمیان دستخط کی گئی مفاہمتی یادداشت سے مماثلت رکھتی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا کی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ 5 اکتوبر تک مؤخر کرنے کی تجویز محمود اچکزئی کا فارمولا

میچ فکس نہیں، اس بار ضرور جیتیں گے، حکومت خوفزدہ ہے، اسلام آباد کو کنٹینر سٹی میں تبدیل کر دیا گیا، ہم نے گولی یا بندوق کی سیاست نہیں کرنی، سہیل آفریدی

اپوزیشن جماعتوں کو ہمارے ساتھ احتجاج میں شرکت پر آمادہ کر لیا جائے تو احتجاج کا اثر زیادہ ہوگا، اراکین کی تجویز پر اتفاق، اندرونی کہانی

اسلام آباد/پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے لانگ مارچ 5 اکتوبر تک مؤخر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پشاور میں پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس ہوا جس میں تجویز دی گئی کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ مؤخر کر کے 5 اکتوبر کو کیا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے بیرسٹر گوہر کو درخواست کی کہ وہ دونوں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کو فون کریں۔ ذرائع نے بتایا کہ بیرسٹر گوہر نے سہیل آفریدی کو کہا کہ فون آپ خود کریں، اجلاس میں محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کو سہیل آفریدی کی جانب سے کال کرنے پر اتفاق ہوا۔ دریں ثناء وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کا اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا، ذرائع کے مطابق سہیل آفریدی نے محمود خان اچکزئی سے لانگ مارچ کے حوالے سے ہدایات لیں، سہیل آفریدی نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کا مشورہ ہے کہ لانگ مارچ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں 25 تا 30 ستمبر بارشوں کا الرٹ

شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ، پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے 25 سے 30 ستمبر کے دوران ملک کے بالائی و وسطی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشوں اور ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ این ای او سی کے مطابق مغربی ہواؤں کا نیا موسمیاتی سلسلہ بالائی علاقوں میں داخل ہو چکا ہے جس کی شدت میں 25 اور 26 ستمبر کے دوران مزید اضافے کا امکان ہے۔ اس سلسلے کے تحت بالائی خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے خطے کے مسائل کا علاقائی حل تلاش کرنے کی بنیاد رکھی گئی ہے، طیب رجب اردوان

نیو یارک (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ خطے کے امن و سلامتی کے لیے درست سمت میں ایک مضبوط قدم ہے، اتحاد کے ذریعے علاقائی مسائل کے علاقائی حل کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نیو یارک (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

نیو یارک، وزیر اعظم شہباز شریف سے بزنس کونسل آف انٹرنیشنل انڈرسٹینڈنگ (بی سی آئی یو) اور یو ایس پاکستان بزنس کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، بھارتی سرپرستی یافتہ 33 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کا ثبوت ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری

سیکیورٹی فورسز کی انسدادِ دہشتگردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جائیگا، آئی ایس پی آر

کوئٹہ/راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ خوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے نتیجے میں 33 دہشتگرد مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ ہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اس بار فیصلہ کن معرکہ ہوگا اور پی ٹی آئی پھر کبھی اسلام آباد کا رخ نہیں کریگی، خواجہ آصف

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ پی ٹی آئی والے نا ہی آئیں، وہ بھی فیصلہ کن بات ہوگی، وزیر دفاع کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف والے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو سومنات کے مندر سے تشبیہ دے رہے ہیں (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے شہید ملک کریم داد حسنی کے صاحبزادوں کی ملاقات

امن، قومی اتحاد اور پاکستان کے دفاع و سلامتی کیلئے ان کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ضلع چاغی کی معروف شخصیت شہید ملک کریم داد حسنی کے صاحبزادوں نے ملاقات کی۔ سابق معاون خصوصی میر اعجاز احمد سنجرانی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید ملک کریم داد حسنی کی بے مثال سماجی، قومی اور عوامی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی بینن کی ہم منصب کورین اموری برونیٹ سے ملاقات

نیو یارک (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بینن کی وزیر خارجہ کورین اموری برونیٹ سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور بینن کے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو کراچی سے اسلام آباد پہنچ گئے، اہم سیاسی ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کراچی سے اسلام آباد پہنچ گئے، ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کی اسلام آباد میں اہم سیاسی ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بجلی کے بل ادا کرنیوالے صارفین بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں، جعفر مندوخیل

بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری لانے کیلئے صرف اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات اور ان کے تسلسل کو یقینی بنانا ہوگا

کیسکو شکایات سیل 118 پر موصول ہونے والی بجلی صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری لانے کیلئے صرف اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات اور ان کے تسلسل کو یقینی بنانا ہوگا۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے بجلی کے صارفین کو مناسب وولٹیج کے ساتھ بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ کیسکو حکام اپنے دفتری اور انتظامی طریقہ کار (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

وزارت اطلاعات کا فیکٹ چیک، پاکستانی چوکی تباہ کرنے کا افغان طالبان کا دعویٰ جھوٹا قرار

طالبان کی چوکیوں کو شدید نقصان پہنچا، کم از کم 13 افغان طالبان اہلکار ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے فیکٹ چیک کرتے ہوئے افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی فورسز سے متعلق کیے گئے دعوے کو من گھڑت قرار دے دیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ افغان وزارت دفاع نے حسب معمول اسپن بولدک کے قریب پاکستانی چوکی تباہ کرنے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے۔ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا لانگ مارچ چار اکتوبر مؤخر کرنے کا اعلان

4 اکتوبر کو پشاور سے روانہ ہونگے، چاہے راستے میں کتنی ہی رکاوٹیں کیوں نہ کھڑی کردی جائیں

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے لانگ مارچ چار اکتوبر مؤخر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 4 اکتوبر کو پشاور سے روانہ ہونگے، چاہے راستے میں کتنی ہی رکاوٹیں کیوں نہ کھڑی کردی جائیں، لانگ مارچ ہر صورت ہوگا اور پرامن ہوگا (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف بی آر کا نیشنل فیس لیس سینٹر قائم، ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کا براہ راست رابطہ ختم

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اسلام آباد میں (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے سید عبداللہ حسین، سید عبدالرحمٰن حسین اور سید عبدالرحیم حسین کی ملاقات

طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو آرمی پبلک اسکول سیون اسٹریم کے طلبہ سید عبداللہ حسین، سید عبدالرحمٰن حسین اور سید عبدالرحیم حسین نے ملاقات کی۔ طلبہ نے وزیر اعلیٰ کو عسکری اداروں سے متعلق نایاب ڈاک ٹکٹوں کا قیمتی مجموعہ پیش کیا، جسے وزیر اعلیٰ نے گہری دلچسپی سے دیکھا اور طلبہ کی کاوش کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں کو سکل ڈیولپمنٹ پروگرامز کے ذریعے بااختیار اور حوصلہ افزائی دینی چاہیے، شعیب نوشیروانی

منصوبے کے آئندہ مراحل میں بھی کام کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے مقررہ اہداف حاصل کیے جائیں گے

متعلقہ اداروں سے فیصلوں پر ہونے والی پیش رفت کی ماہانہ بنیادوں پر رپورٹ مرتب کی جائے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کا چوتھا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ حافظ محمد قاسم سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر خزانہ کو گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر ہونے والی پیش رفت اور مختلف اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن لیڈرز سے ملاقات کر کے فیصلوں سے متعلق اعتماد میں لیا، بیرسٹر گوہر

ہم سیاسی جماعت ہیں، اتفاق رائے اور تفصیلی مشاورت سے فیصلے کرتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈرز کو ملاقات کر کے فیصلوں سے متعلق اعتماد میں لیا ہے۔ اسلام آباد (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

امریکا کی جانب ضبط کیے گئے 60 لاکھ بیرل خام تیل سے لدے تین ایرانی آئل ٹینکرز امریکا روانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی جانب ضبط کیے گئے تین ایرانی آئل ٹینکرز تقریباً 60 لاکھ بیرل خام تیل لے کر بحر اوقیانوس کے راستے امریکا کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ بحری (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام دہشتگردی کیخلاف جنگ میں ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، شاہد رند

عزم استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مسلسل کارروائیاں ملک اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہیں

سکیورٹی فورسز دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف مؤثر انداز میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا عزم قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد عناصر کے خلاف جاری مؤثر کارروائیاں اس عزم کا اظہار ہیں کہ ریاست دشمن عناصر کو عوام کے امن و سلامتی سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کی گئی (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

پاک افواج نے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیامیٹ کر دیا

چمن (این این آئی) پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنا (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو بلوچستان انجینئر مرزا اعزاز بیگ ملاقات کر رہے ہیں

ملکی و بین الاقوامی حالات کی وجہ سے ہمارے مشکلات میں مزید اضافہ ہوا، ڈاکٹر مالک بلوچ

بڑی سیاسی جماعتوں کے سمجھوتوں سے ہمیشہ جمہوریت کو نقصان اور آمریت کو تقویت ملی ہے

ایران امریکہ جنگ سے خطہ میں نئی صورتحال پیدا ہوگئی ساحل و وسائل سے بیدخلی کسی صورت قبول نہیں، مرکزی صدر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی وحدت بلوچستان کے ورکنگ کمیٹی کے دو روزہ اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ منعقد ہوا دوسرے دن کے اجلاس سے پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی صدر اسلم بلوچ، سینیٹر جان محمد بلیدی، وڈیرہ رجب علی رند، ڈاکٹر اسحاق بلوچ، یاسمین لہڑی، چنگیز حئی بلوچ، سعدیہ بادینی، میر اشرف علی مینگل، حاجی عطا محمد بنگلزئی، حاجی عبدالصمد رند فریدہ (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں ماں نے مبینہ طور پر دو بچوں کو چھری کے وار کر کے قتل کر دیا اور خود کو زخمی کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ماں نے مبینہ طور پر دو بچوں کو چھری کے وار کر کے قتل کر دیا اور خود کو زخمی کر لیا۔ پولیس کے (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کی تعمیر کے لیے ایک اور اہم ہدف حاصل کر لیا گیا

دیامر (این این آئی) دیامر کے علاقے کینی سے مین ڈیم کی تعمیر میں استعمال ہونے والے پوزولان میٹریل کو نکالنے اور (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ایڈووکیٹ عطاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے، عطا تارڑ

صوبے میں غیر قانونی گولڈ کی مائننگ میں ان کے سیاسی لوگ ملوث ہیں جو غیر قانونی مائننگ اور ٹھیکوں کے ذریعے دہشت گردوں کو فنڈ کرتے ہیں

لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی، سہیل آفریدی وزیر اعلیٰ کم اور ٹی ٹی پی کے کمانڈر زیادہ لگتے ہیں، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف کو چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمت ہے تو آ لانگ مارچ کرو، پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے ان کی کوئی تیاری نہیں، لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی، سہیل آفریدی وزیر اعلیٰ کم اور ٹی ٹی پی کے کمانڈر زیادہ لگتے ہیں، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال سب کے سامنے ہے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین، پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا

2025 میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (این این آئی) ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین روپے اور پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سے مالدیپ کے سپیکر کی قیادت میں پارلیمانی وفد کی ملاقات

پارلیمانی وفود کے باقاعدہ تبادلوں، تجربات کے اشتراک اور ادارہ جاتی روابط کے ذریعے باہمی مفاہمت کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے، سیدال خان

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

پٹرول ریلیف سکیم کا مقصد متاثرہ طبقات کو براہ راست ریلیف دینا ہے، بلال اظہر کیانی

عوام، سرکاری و نجی املاک اور اہم تنصیبات کا تحفظ یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے، مشکل معاشی حالات میں حکومت کی کوشش ہے

دستیاب وسائل کو ایسے انداز میں استعمال کیا جائے جس سے عوام کے ماہانہ اخراجات کا بوجھ کم ہو، بلال اظہر کیانی کی شزا فاطمہ خواجہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے مشکل معاشی حالات، محدود وسائل اور آئی ایم ایف پروگرام کی پابندیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرول ریلیف سکیم کے ذریعے ان طبقات کو براہ راست ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی ہے جو پٹرول کی قیمتوں سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں، موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور لوڈر استعمال کرنے والوں کو ہر ہفتے 500 روپے جبکہ (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم سے متعلق قانون میں ترامیم کی مشروط منظوری

سی سی ایل سی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی فیس اینڈ چارجز رولز کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی (سی سی ایل سی) نے بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم سے متعلق قانون میں ترامیم کی مشروط منظوری دے دی۔ وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کا اجلاس ہوا جس میں متعلقہ وزارتوں، محکموں اور ڈویژنز کے حکام نے شرکت کی۔ سی سی ایل سی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی فیس اینڈ چارجز رولز کی منظوری دے دی۔ بجلی کے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اعجاز سنجرانی کی قیادت میں شہید ملک کریم داد کے صاحبزادے ملاقات کر رہے ہیں

گورنر سٹیٹ بینک کا خود انحصاری کے تحت پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ سکیم کا افتتاح کر دیا

ہر سال 16 ارب کے انعام دینے کا اعلان، پاسبان سکیم میں شرکت مکمل مفت، کسی فیس یا ٹکٹ کی خریداری کی ضرورت نہیں ہوگی

کراچی (این این آئی) گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ سکیم کا افتتاح کر دیا جس کے تحت ہر سال 16 ارب روپے کے انعام دیئے جائینگے، سکیم میں شرکت مکمل مفت، کسی فیس یا ٹکٹ کی خریداری کی ضرورت نہیں ہوگی، ماہانہ 100 ڈالر یا زائد ترسیلات مسلسل تین ماہ وصول کرنے والے سکیم میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر جمیل احمد نے کہا کہ سٹیٹ بینک اور حکومت پچھلے چند ماہ سے پی بی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیزii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

حکومت اپوزیشن مذاکرات ایک اہم پیشرفت

حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان سیاسی کشیدگی کم کرنے کیلئے بیک ڈور رابطوں میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جس میں لانگ مارچ کے حوالے سے درمیانی راستہ نکالنے پر غور کیا جا رہا ہے، جبکہ حکومت نے لانگ مارچ موخر کرنے کی شرط عائد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی مذاکراتی ایجنڈے کا حصہ نہیں ہوگی۔حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی کے باوجود مذاکرات کے امکانات ایک بار پھر پیدا ہوگئے ہیں۔ دونوں جانب سے رابطوں میں پیشرفت ہوئی ہے اور موجودہ صورتحال کو مزید کشیدہ ہونے سے روکنے کے لیے درمیانی راستہ نکالنے پر غور کیا جا رہا ہے۔چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے تصدیق کی ہے کہ حکومت کے ساتھ رابطے جاری ہیں، اب سے کچھ گھنٹے قبل بھی حکومت کے ساتھ رابطہ ہوا ہے۔ ملک کی ایک بڑی جماعت کی جانب سے لانگ مارچ ہونے جا رہا ہے اس لیے بات چیت ضرور ہونی چاہیے۔ میں حکومت کو یہ کہوں گا کہ یہ وقت نہیں ہے کہ آپ نیٹ لانچر کا استعمال کریں، سیاسی لوگوں کے خلاف نیٹ لانچر استعمال نہیں کرتے، ان کو گلے لگاتے ہیں، ان کی بات سنتے ہیں، ان کے تحفظات کو حل کرتے ہیں۔ ہم اپنے حقوق کیلئے نکل رہے ہیں، ہم انصاف کی آواز اٹھا رہے ہیں، ہم انصاف کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے، ہم نے بار با کہا ہے کہ ہمیں نہیں سنا گیا۔حکومت نیٹ لانچر کے استعمال کی بجائے گلے لگائے اور عوام کو گلے لگائے، عوام کو انصاف دیں، ان کی باتوں کو سنیں، بیرسٹر گوہر نے حکومت کو پیش کش کی کہ آپ 2 قدم پیچھے ہٹیں، ہم 10 قدم پیچھے ہٹیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ کوئی ایسی بات بنے جس میں عوام کے مسائل کا ہم حل ڈھونڈیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کی وفاقی سطح پر اہم شخصیات سے ملاقاتیں اور رابطے ہوئے ہیں، جن میں لانگ مارچ اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ غیر رسمی رابطوں کے دوران اس تجویز پر غور ہوا کہ لانگ مارچ کے دوران پی ٹی آئی قیادت انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ حد عبور نہ کرے اور جہاں انہیں روکا جائے، وہیں پرامن طور پر احتجاج جاری رکھا جائے۔ اس معاملے میں کسی حد تک اتفاق رائے بھی سامنے آیا ہے۔ پی ٹی آئی قیادت کو یہ پیغام بھی دیا گیا ہے کہ احتجاج کے دوران امن و امان برقرار رکھا جائے اور کسی ایسی صورتحال سے گریز کیا جائے جس سے کشیدگی میں اضافہ ہو۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لانگ مارچ کے دوران اس کے دورانیے اور اختتام کے طریقہ کار سے متعلق حتمی فیصلہ بھی اسی دوران مذاکرات اور باہمی رابطوں کے نتیجے میں سامنے آسکتا ہے۔

سمندری وسائل اور بلوچستان کے تجارتی راستے

عالمی سطح پر سمندروں کی اہمیت صرف اس بات تک محدود نہیں کہ وہ زمین کا دوتہائی حصہ گھیرے ہوئے ہیں بلکہ جدید معاشی دنیا میں سمندر کسی بھی قوم کی ترقی، خودمختاری اور عالمی تجارت کا سب سے بڑا ذریعہ شمار ہوتے ہیں۔ شمشاد رائٹرز فورم پاکستان اور ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے اشتراک سے ایک تقریب مدنی ہاؤس شمشاد اسٹریٹ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں منعقد ہوا تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال 24 ستمبر کو دنیا بھر میں میری ٹائم کا عالمی دن اسی ادراک کے ساتھ منایا جاتا ہے تاکہ عالمی برادری کو سمندری وسائل کی دیکھ بھال، بحری راستوں کی حفاظت اور نیلی معیشت (Blue Economy) کی لامحدود صلاحیتوں سے آگاہ کیا جا سکے۔ رواں سال یعنی 2026 میں میری ٹائم سینٹر آف ایکسیلنس کی جانب سے اس دن کے لیے "پالیسی سے عمل تک: میری ٹائم میں بہترین صلاحیتوں کا فروغ" (From Policy to Practice: Powering Maritime Excellence) کا نہایت اہم اور جامع موضوع منتخب کیا گیا ہے۔ یہ عنوان اس تلخ حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ محض خوبصورت پالیسیاں، کاغذی منصوبے اور بلند بانگ دعوے کسی ملک کی معاشی تقدیر نہیں بدل سکتے جب تک کہ ان پالیسیوں کو عملی میدان میں لا کر ٹھوس نتائج حاصل نہ کیے جائیں۔ اس دن کی مناسبت سے اگر ہم پاکستان کی جغرافیائی پوزیشن، سمندری صلاحیتوں اور علاقائی تجارت کا جائزہ لیں تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوجاتی ہے کہ پاکستان کا مستقبل سمندر کی نیلی لہروں اور ان سے جڑے خشکی کے تجارتی راستوں میں ہی پنہاں ہے۔

پاکستان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ان بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہے جن میں سے ایک اہم ترین نعمت اس کی تقریباً ایک ہزار پچاس کلومیٹر طویل ساحلی پٹی ہے۔ بحیرہ عرب کے

ساتھ واقع یہ ساحلی خطہ پاکستان کو دنیا کی مصروف ترین بحری شاہراہوں کے بالکل قریب لا کھڑا کرتا ہے جہاں سے خلیج فارس، بحیرہ احمر اور بحر ہند کی تجارتی گزرگاہیں گزرتی ہیں۔ ماضی میں بدقسمتی سے پاکستان نے اپنی میری ٹائم صلاحیتوں کا وہ بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا جو اٹھایا جانا چاہیے تھا اور ہماری معاشی منصوبہ بندی کا زیادہ تر انحصار صرف خشکی کے وسائل پر ہی رہا۔ تاہم جدید دور میں جب "نیلی معیشت" کا تصور دنیا بھر میں تیزی سے مقبول ہو رہا ہے اور پاکستان کے لیے بھی یہ ناگزیر ہو چکا ہے کہ وہ اپنے سمندری ذخائر، مچھلی کی صنعت، شپنگ، بحری سیاحت اور بندرگاہوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دے۔ پاکستان کی میری ٹائم پالیسی میں تحریر کردہ تمام نکات کو جب تک عملی جامہ نہیں پہنایا جائے گا اور اس وقت تک ہم عالمی سطح پر سمندری تجارت کے میدان میں اپنا لوہا نہیں منوا سکتے۔

اس پورے بحری منظرنامے اور پاکستانی معیشت کے مستقبل کا سب سے مرکزی محور اور درخشندہ نگینہ صوبہ بلوچستان میں واقع گوادر پورٹ ہے۔ گوادر صرف ایک بندرگاہ کا نام نہیں بلکہ یہ پورے خطے کی معاشی جغرافیہ کو تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ایک عظیم الشان منصوبہ ہے۔ گہرے پانی کی یہ قدرتی بندرگاہ جغرافیائی لحاظ سے ایک ایسے سٹریٹجک مقام پر واقع ہے جو وسطی ایشیاء، خلیجی ممالک اور جنوبی ایشیاء کو ایک نقطے پر یکجا کرتی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کی بنیاد بھی اسی گوادر کی بندرگاہ پر رکھی گئی ہے۔ عالمی میری ٹائم دن کا جو موجودہ پیغام ہے یعنی "پالیسی سے عمل تک"، اس کا سب سے بہترین اطلاق گوادر پر ہی ہوتا ہے۔ گوادر کو محض ایک کاغذی ماسٹر پلان کے طور پر دیکھنے کے بجائے اسے ایک مکمل فعال، جدید اور عالمی معیار کی فری زون پورٹ بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ گوادر کے گہرے پانیوں میں جب دنیا بھر کے تجارتی جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں تو وہ نہ صرف پاکستان کیلئے زرِ مبادلہ کا ذریعہ بنتے ہیں بلکہ اس سے بلوچستان کے مقامی لوگوں کیلئے روزگار کے لاکھوں نئے مواقع بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔

تاہم میری ٹائم معیشت کی کامیابی کا اصل امتحان صرف بندرگاہ پر سامان اتارنے یا چڑھا دینے تک محدود نہیں ہوتا۔ سمندری تجارت کی اصل روح اس بات میں مضمر ہے کہ بندرگاہ سے اترنے والا مال کتنی تیزی، حفاظت اور کم لاگت کے ساتھ اندرونی منڈیوں اور ہمسایہ ممالک تک پہنچایا جاتا ہے۔ کوئی بھی بندرگاہ اس وقت تک مکمل کامیابی حاصل نہیں کرسکتی جب تک اس کے ساتھ ایک مضبوط اور کارآمد ارضی مواصلاتی نظام اور سرحدی ترسیلی گزرگاہیں منسلک نہ ہوں۔ اسی نقطہ نظر سے جب ہم گوادر کے سمندر کا سفر خشکی کے راستوں کی طرف بڑھاتے ہیں تو ہماری نظر بلوچستان کے ایک اور انتہائی سٹریٹجک اور تاریخی شہر چمن پر جا کر ٹھہرتی ہے۔

پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر واقع چمن کا سرحدی شہر صرف ایک بارڈر نہیں بلکہ یہ ہزاروں سال سے خطے کی تجارت کا ایک عظیم الشان تاریخی دروازہ ہے۔ چمن پاک افغان تجارتی راہداری کا وہ بنیادی ستون ہے جو پاکستان کی سمندری بندرگاہوں کو افغانستان اور وہاں سے آگے وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ جوڑتا ہے۔ گوادر یا کراچی کی بندرگاہوں پر جب بحری جہازوں کے ذریعے تجارتی کنٹینرز پہنچتے ہیں تو ان کی منزل کا ایک بڑا حصہ افغانستان کی سڑکوں اور وسطی ایشیاء کے بازاروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ تمام تجارتی مال شاہراہوں اور ریل کی پٹریوں کے ذریعے سفر کرتا ہوا چمن کی سرحد تک پہنچتا ہے جہاں سے یہ سرحد پار افغان ٹرانزٹ تجارت اور دوطرفہ تجارت کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو گوادر کا نیلا سمندر اور چمن کی سرحدی مٹی ایک دوسرے کی معاشی بقا کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ اگر گوادر پاکستان کا میری ٹائم گیٹ وے ہے تو چمن اس کا لینڈ گیٹ وے ہے۔ یہ دونوں خطے بلوچستان کے دو مختلف کونوں پر واقع ہونے کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ معاشی طور پر مضبوطی سے جڑے ہوئے ہیں۔ جب گوادر پورٹ پر سرگرمیاں بڑھیں گی تو اس کا براہِ راست فائدہ چمن کی سرحدی تجارت کو پہنچے گا۔ گوادر پر اترنے والے سامان کو جب چمن کے ذریعے افغانستان اور وسطی ایشیاء تک بلا تعطل رسائی ملے گی تو اس سے نہ صرف پاکستان کو خطے کا سب سے بڑا لاجسٹکس ہب بننے کا موقع ملے گا بلکہ چمن کے مقامی تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور مزدوروں کے لیے معاشی ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے۔ یہی وہ حقیقی نقطہ ہے جہاں میری ٹائم پالیسی کاغذ سے نکل کر عوام کی زندگیوں میں خوشحالی کی صورت میں عمل کا روپ دھارتی ہے۔

لیکن اگر ہم حقیقت پسندانہ نظر سے جائزہ لیں تو اس خواب کو تعبیر دینے کی راہ میں چند اہم چیلنجز اور رکاوٹیں بھی حائل ہیں۔ عالمی میری ٹائم دن 2026 کا موضوع ہمیں انہی چیلنجز کا سامنا کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ گوادر پورٹ کو مکمل صلاحیت پر چلانے کے لیے بنیادی ڈھانچے یعنی بجلی، پانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں پائے جانے والے تعطل کو ختم کرنا ہوگا۔ اسی طرح چمن بارڈر پر کسٹمز کا جدید ترین ڈیجیٹل نظام، ون ڈور کلیئرنس، جدید ترین اسکینرز اور بنیادی لاجسٹک پارکس کا قیام انتہائی ضروری ہے۔ جب تک چمن پر سرحدی تجارت کو سہل نہیں بنایا جائے گا اور گوادر سے چمن تک کی شاہراہوں اور ریلوے نیٹ ورک کو جدید ترین معیار پر استوار نہیں کیا جائے گا اس وقت تک ہم سمندری تجارت کے صحیح فائدے حاصل نہیں کرسکیں گے۔ پالیسیوں اور عمل کے درمیان اسی فاصلے کو مٹانا ہماری قومی قیادت، اداروں اور منصوبہ سازوں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی کا راز بھی اسی گوادر اور چمن کے تجارتی اتحاد میں چھپا ہوا ہے۔ بلوچستان دہائیوں سے معاشی ناہمواریوں کا شکار رہا ہے لیکن اگر گوادر کی سمندری معیشت اور چمن کی سرحدی معیشت کو آپس میں ملا کر ایک منظم معاشی زون کی شکل دے دی جائے تو بلوچستان پورے جنوبی و وسطی ایشیاء میں تجارت کی مرکزی شاہراہ بن سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف صوبے کے نوجوانوں کے لیے جدید تکنیکی تعلیم، روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ اس سے علاقے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو بھی دوام حاصل ہوگا۔ گوادر کے ماہی گیروں کے حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے اور چمن کے مقامی تاجروں کو تجارت میں سہولیات فراہم کر کے ہی ہم اس معاشی انقلاب کو حقیقی معنوں میں پائیدار اور ثمر آور بنا سکتے ہیں۔ عالمی میری ٹائم دن 2026 ہمیں یہ واضح پیغام دیتا ہے کہ دنیا میں وہی قومیں معاشی خودمختاری حاصل کرتی ہیں جو اپنے سمندروں کی قدر کرتی ہیں اور ان کے وسائل کو کاغذی نعروں کے بجائے عمل کی کسوٹی پر پورا اتارتی ہیں۔ پاکستان کیلئے یہ دن ایک متحرک یاد دہانی ہے کہ ہم اپنی بحری سرحدوں کی حفاظت کیساتھ ساتھ گوادر کی نیلی معیشت اور چمن کے تجارتی راستے کے اس عظیم الشان باہمی تعلق کو سمجھیں۔ اگر ہم نے گوادر اور چمن کو جدید انفراسٹرکچر کے ذریعے جوڑ دیا اور اپنی میری ٹائم پالیسیوں کو ایمانداری سے عملی جامہ پہنایا تو وہ دن دور نہیں جب پاکستان نہ صرف اپنے معاشی مسائل پر قابو پالے گا بلکہ خطے کا سب سے بڑا معاشی اور تجارتی مرکز بن کر ابھرے گا۔

کیا دنیا واقعی اپنے انجام کی طرف جارہی ہے؟

پوری دُنیا کے حالات۔ معاشی منظرنامے کو خوفناک شکل دے رہے ہیں۔ دُنیا پہلے علاقائی روابط کا ایک اہم مرکز بنتی نظر آرہی تھی مگر ناروا جنگوں اور زبردستی کے علاقائی جھگڑوں نے متحد اور مستحکم ہوتی عالمی معیشت کے تارو پود بکھیر دیئے اس وقت جو حالات ہیں کیا دنیا واقعی اپنے انجام کی طرف جارہی ہے؟ پہلے بھی لکھا کہ امن اور جنگ بیک وقت ممکن نہیں۔ امن کی علامت سفید ''جھنڈا''، ''آرمی ٹینک'' پر تو لہرایا جاسکتا ہے مگر گولے پر باندھ کر پھینک نہیں سکتے۔ مطلب ''آپ'' امن کی خواہش بھی کریں اور ساتھ ہی بمباری بھی۔ دُنیا امتیازی رویوں اور زبردستی کی بالا دستی کے سنگین اثرات بہت بری طرح سے بھگت رہی ہے۔ توانائی کے مسائل جس نہج پر جا چکے ہیں اور مہنگائی حدود سے نکل گئی ہے متاثرہ کون ہے؟ یقینی طور پر عوام۔ بھلے اُن کا تعلق امیر ملک سے ہے یا معاشی طور پر کمزور خطہ سے۔ انسانی جان تو بہرحال سب سے قیمتی ہے۔ ذی نفس کی نمو ضروریات کی تکمیل اور سکون سے رہنے کے لیے ہی تو تمام دُنیا کے وسائل پیدا کیے گئے تھے۔ جن کے لیے وسائل پیدا ہوئے اُنہی کو مٹانے پر ''تمام''، ٹل گئے ہیں۔

کیا مناظر تھے پوری دُنیا کے کیمرے اُن کا پیچھا کرتے اور پھر کل عالم میں تصاویر۔ وڈیوز پھیل جاتیں۔ کوئی ننگ دھڑنگ کوئی آدھ ڈھکا ہوا۔ چہرے ایسے کہ چلتی سانس اُن کے زندہ ہونے کا ثبوت دیتی تھی۔ اکثریت زمین پر لیٹی۔ منہ پر اُڑتی مکھیوں کو ہٹاتے نحیف و نزار ہڈیوں نما

مسرت قیوم

ہاتھ۔ راشن کی امدادی ٹیموں کے ٹرکوں۔ گاڑیوں کے پیچھے بھاگتے لکڑی مانند خشک۔ لاغر اجسام بچے۔ عورتیں۔ ناظرین یہ بیان ہے اُس ملک کا جس کا نام ''ایتھوپیا'' ہے۔ ''ایتھوپیا'' کا نام سُنتے ہی بدترین قحط کے مناظر دماغ میں گھومنے لگتے ہیں۔ انتہا درجہ کی خشک سالی کا شکار ملک اور آج؟ یقین نہیں آیا کہ اُس ملک نے ''سولر توانائی'' میں کمال مہارت دِکھا دی ہے کہ وہ بجلی برآمد کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ پکا یقین تو نہیں مگر ہو نہیں سکتا کہ ''پاکستان'' نے قحط کے ایام میں وہاں انسانی امداد نہ بھجوائی ہو۔ بھوک۔ ننگ دہائیوں تک ایتھوپیا افریقہ سے منسوب رہا یہاں تک کہ ہمارے یہاں کسی کو جسمانی طور پر کمزور دیکھتے تو ازراہ تفنن کہا جاتا تھا کہ ''افریقہ'' سے آئے ہو۔ آج وہ ممالک کانکنی۔ توانائی۔ معدنیاتی ذخائر کی دریافت میں اِس ریجن کو پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ شاید ہم دوسروں کی ترقی کا ذکر کرتے وقت بھول جاتے ہیں کہ قوم اور قیادت ایک صفحہ پر ہو تو تب ہی ترقی کی منازل دوسروں کو حیران کردینے والی ہوتی ہیں۔

توانائی کا مسئلہ اب ثانوی توجہ کا نہیں رہا کہ عوام خود ہی سب کچھ سنبھال لیں گے اور پہلے کی طرح برداشت کر جائیں گے۔ یہ بحران مسلسل دانستہ عدم توجہی کیوجہ سے اتنا سنگین ہو چکا ہے کہ ہر شخص بیزار ہے کہ دُنیا کہاں سے کہاں نکل گئی اور ہم ہر گزرتے دن کے ساتھ بجلی گیس اور پانی سے مزید محروم ہوتے جا رہے ہیں۔ ہمارا ہمسایہ ملک کاٹن ایکسپورٹ کر رہا ہے اور ہم امپورٹ۔ چاول۔ آلو۔ تِل وغیرہ وغیرہ کی برآمد میں نمایاں کمی جبکہ صرف چاول کی برآمد ''ایک ارب'' ڈالر کم رہی۔ ظلم ہے سراسر ناانصافی ہے اپنے ہم وطنوں کے ساتھ۔ کہاں ''۲ ارب ڈالرز'' کے لیے ہم نے پورے ملک کو غلام بنا دیا اور یہاں اربوں ڈالرز کی کمائی کو توانائی (دانستہ پیدا کردہ) بحران نگل گیا۔

پاکستان کے پاس معدنی ذخائر کی کمی نہیں۔ میدانی علاقوں سے لیکر سمندر تک بھرے پڑے ہیں مگر ہم نے اتنی تندہی سے نکالنے کی کوشش نہیں کی جتنی رحمت سے ''رب کریم'' نے ہمیں نوازا ہے ہم تو توانائی کے سب سے بڑے مفت خزانے ''سورج'' کو استعمال کرنے میں مناسب حد سے بھی کم درجہ پر ہیں۔ دُنیا کے نقشہ پر نظر ڈالیں وسائل اور رقبہ میں ہم سے انتہائی چھوٹے ممالک بھی آج ''دُنیا'' کو اپنی چیزیں بیچ رہے ہیں۔ ہمارے قیام کی تاریخ پڑھ لیں اور اُن کے وجود میں آنے کا سال دیکھ لیں۔ پاکستان زرخیز زرعی ملک تھا۔ ''تھا'' اسلیئے لکھا کہ بیج سے سبزی تک سبھی امپورٹ ہو رہا ہے جبکہ شروع سے زرعی رقبوں۔ وسیع وعریض زمینوں کے مالک ہم پر حکومت کرتے آرہے ہیں۔ ہم دُنیا سے الگ نہیں۔ جو قوانین یہاں نافذ ہیں وہ تقریباً ہر ریجن کے آئین کا حصہ ہیں کیونکہ اکثریتی ممالک ''برطانوی ماڈل'' ہیں مگر فرق یہ ہے کہ ہم کو فتح کرنے والے بھی مفتوح اقوام کے ساتھ قانون کے مطابق چلتے تھے جبکہ یہاں ہر شخص خود ہی جج۔ خود ہی وکیل بن بیٹھا۔ یوں حالات کنٹرول سے باہر ہو گئے۔ ''نفاذ'' کی یہ حالت ہے کہ لاچار۔ بغیر سہارے والے جرم سے قبل ہی دھر لیے جاتے ہیں اور مرتکب۔ عادی گھناؤنے جرائم کی دل خراش وارداتیں کرنے والے کبھی پکڑے نہیں جاتے۔ قانون بہت اچھا۔ عمل درآمد صرف امتیازی حدود میں۔ نظام بھی بھی بوسیدہ نہیں تھا اعلیٰ تھا اور ہے مگر جب تک مساوی سلوک۔ منصفانہ عدل۔ جینے کی آزادی نہیں مل جاتی۔ قصور کس کا ہے؟ یہ جو معاشرہ اخلاقی بنیادوں پر اتنا کھوکھلا ہو چکا ہے اُس میں زیادہ حصہ کس کا ہے یقینی طور پر ''ذمہ داری'' پر فائز ''ذمہ دار'' کا۔ تو کیا ''عوام'' بری الذمہ ہو گئے؟ کیا ہمارا کام یہی رہ گیا ہے کہ بنا سوچے تنقید کرتے جائیں؟ ہم اپنے حصہ پر نظر کب ڈالیں گے؟ ہمارے ریجن میں انصاف کے حصول۔ قانون کے نفاذ اور وسائل کی تقسیم میں بہت نمایاں فرق ہے۔ حالات کو سمجھنے اور اُن کو حل کرنے میں ذہنی گراوٹ حائل ہے۔

معلوم نہیں نتائج کیا ہونگے مگر پہلی نظر میں اچھا لگا کہ حکومت بجلی کے شعبہ سے خود کو نکال رہی ہے۔ یہ تو ممکن نہیں کہ کلی طور پر حکومت خود کو الگ کرلے مگر بار ہا لکھا اور پھر سے دہرا رہے ہیں کہ ''سورج'' کی قیمتی ترین مفت سہولت کو حکومت عوام کے لیے بھی آسان کر دے۔ لوگوں کو آزادی دیدے کہ وہ اپنی طلب کے مطابق جتنا انتظام کرنا چاہیں کرلیں۔ سخت قوانین بدل دے۔ ٹیکس در ٹیکس ختم کر دے۔ یوں حکومت کا بہت بڑا درد سر ختم ہو جائے گا۔ ''نظام بہت اچھا ہے''، بس اُس میں عوام کے لیے بھی آسانیاں فراہم کر دیں۔ کونسی چیز ہے جو ''قوم'' ٹیکس کے بغیر خرید رہی ہے۔ ماچس۔ جھاڑو سے لیکر کپڑے۔ اشیائے خوردونوش۔ سامان آرائش سب شامل ہے پھر اضافی ٹیکس لگانے کا جواز نہیں رہتا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اضافی ٹیکس ختم کردے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ ''نظام بہت اچھا ہے''۔ بس حکومت کو چاہیے کہ وہ لامحدود پروٹوکول محدود کر دے۔ انگنت اخراجات کا سائز، تعداد کم کر دے۔ کونسا مسئلہ ہے جو حل نہیں ہوسکتا۔ اصل قربانی یہی ہے کہ متذکرہ بالا مدات میں آغاز کیا جائے۔

☆☆☆☆

لورالائی میں ترقیاتی عمل ایک نئے اور جامع مرحلے میں داخل

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع لورالائی میں ترقیاتی عمل ایک نئے اور

تحریر: میر محمود بلوچ (محکمہ اطلاعات)

جامع مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری منصوبے نہ صرف بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنا رہے ہیں

بلکہ تعلیم، کھیل، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، خواتین کو بااختیار بنانے، نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافے، شہری خوبصورتی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی بنیاد بھی فراہم کر رہے ہیں۔ لورالائی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ موجودہ ترقیاتی حکمت عملی صرف اینٹ، سیمنٹ اور سڑکوں تک محدود نہیں بلکہ انسانی وسائل کی ترقی اور مستقبل کی نسلوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری— علم، تحقیق اور ڈیجیٹل تعلیم کا مرکز لورالائی میں زیر تعمیر میل وفیمیل ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری ایک اہم اور مستقبل ساز منصوبہ ہے۔ گرے اسٹرکچر تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ یہ لائبریری طلبہ وطالبات، نوجوانوں اور تحقیق سے وابستہ افراد کے لیے مطالعہ، تحقیق اور جدید ڈیجیٹل ذرائع تک رسائی کا ایک نیا مرکز بن سکتی ہے۔ آج کے دور میں کسی بھی علاقے کی ترقی کا بنیادی پیمانہ اس کے انسانی وسائل اور علم تک رسائی ہے۔ اس تناظر میں ڈیجیٹل لائبریری لورالائی کے نوجوانوں کو جدید علمی دنیا سے جوڑنے، ان کی تعلیمی استعداد بڑھانے اور مسابقتی امتحانات و اعلیٰ تعلیم کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ یہ لائبریری دراصل لورالائی کے نوجوانوں کے ہاتھ میں کتاب، علم اور جدید ٹیکنالوجی دینے کی کوشش ہے۔

میل وفیمیل ڈبل اسٹوری جمنازیم— صحت مند معاشرے کی بنیاد اسی طرح میل وفیمیل ڈبل اسٹوری جمنازیم کا منصوبہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ مرد وخواتین کے لیے علیحدہ اور جدید جمنازیم کی سہولت صحت مند معاشرے کے قیام اور کھیلوں و جسمانی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ صحت مند نوجوان ہی ایک مضبوط معاشرے اور مضبوط معیشت کی بنیاد بنتے ہیں۔ کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے لیے بہتر سہولیات نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور قیادت کی صلاحیتیں بھی پیدا کرتی ہیں۔ ترقی یافتہ معاشرہ وہی ہے جہاں کتاب بھی آباد ہو اور کھیل کا میدان بھی۔

بی آر سی فٹسال گراؤنڈ— کھیلوں کے میدان آباد کرنے کی عملی کوشش بی آر سی فٹسال گراؤنڈ لورالائی کا منصوبہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ آسٹروٹرف بچھانے کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ سلیکا سینڈ اور ربڑ انفِل کا کام جاری ہے۔ مختصر مدت میں منصوبے کو آخری مراحل تک پہنچانا ترقیاتی کاموں کی رفتار اور مؤثر نگرانی کی عکاسی کرتا ہے۔

طالبات کے لیے کھیلوں کی جدید سہولیات گورنمنٹ گرلز کالج لورالائی میں BSDI کے تحت تعمیر ہونے والا فٹسال گراؤنڈ مکمل کرلیا گیا ہے۔ اسی طرح سرکاری باغ میں گرلز کے لیے فٹسال گراؤنڈ اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میں کھیلوں سے متعلق سہولیات کے منصوبے بھی طالبات کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ ان منصوبوں سے طالبات کو تعلیم کے ساتھ کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے کے مواقع ملیں گے۔ لورالائی کی بیٹیوں کو تعلیم کے ساتھ کھیل، صحت، اعتماد اور آگے بڑھنے کے مواقع دینا ایک روشن اور ترقی یافتہ معاشرے کی علامت ہے۔

آئی ٹی ہب— روزگار اور ڈیجیٹل معیشت کی طرف قدم آئی ٹی ہب لورالائی افتتاح کے لیے تیار ہے۔ یہ منصوبہ ضلع کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں، فری لانسنگ، آن لائن روزگار، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید کاروباری مواقع سے جوڑنے کی جانب اہم قدم ہے۔ دنیا تیزی سے ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھ رہی ہے اور ایسے میں دور دراز اضلاع کے نوجوانوں کو بھی عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ تک رسائی کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آئی ٹی ہب نوجوانوں کو یہ موقع فراہم کرسکتا ہے کہ وہ اپنے شہر میں رہتے ہوئے جدید ہنر سیکھیں اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع حاصل کریں۔ ایک نوجوان کو ہنر دینا صرف ایک فرد کو روزگار دینا نہیں بلکہ ایک پورے خاندان کے مستقبل کو مضبوط بنانا ہے۔

شہری ترقی اور خوبصورتی —لورالائی کی نئی شناخت کٹوی موڑ سے باچاخان چوک تک دونوں اطراف فٹ پاتھ اور گرین بیلٹ کی تعمیر، باچاخان چوک کی تزئین و آرائش سمیت دیگر شہری منصوبے بھی لورالائی کے شہری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کی جانب اہم قدم ہیں۔ فٹ پاتھ شہریوں، بالخصوص بزرگوں، خواتین اور بچوں کے لیے محفوظ پیدل راستے فراہم کریں گے جبکہ گرین بیلٹس شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ماحول کو بہتر بنانے میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔ شہری ترقی کا مقصد صرف شہر کو خوبصورت بنانا نہیں بلکہ محفوظ، منظم، صاف ستھرا اور شہریوں کے لیے آسان ماحول پیدا کرنا بھی ہے۔

فیز تھری— تحصیل میختر کو بھی ترقیاتی عمل میں شامل کرنا لورالائی کے ترقیاتی سفر کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ ترقی کا دائرہ صرف ضلعی ہیڈکوارٹر تک محدود نہیں رکھا جا رہا بلکہ BSDI کے فیز تھری میں تحصیل میختر کو بھی مختلف ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا گیا ہے۔ تحصیل میختر میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز یا شمولیت اس امر کی عکاسی ہے کہ دور دراز علاقوں کو بھی بنیادی سہولیات اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ شہر سے تحصیل تک اور مرکزی علاقوں سے دور دراز آبادیوں تک ترقی کے ثمرات پہنچانا ہی حقیقی معنوں میں جامع اور متوازن ترقی ہے۔

ترقی کا مطلب روزگار، سہولت اور بہتر مستقبل لورالائی میں جاری منصوبوں کا مجموعی جائزہ لیا جائے تو ان کے اثرات کئی شعبوں تک پھیلتے نظر آتے ہیں۔ تعمیراتی منصوبوں سے مقامی سطح پر روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے، تعلیمی منصوبے انسانی وسائل کو مضبوط کرتے ہیں، آئی ٹی ہب نوجوانوں کو ڈیجیٹل معیشت سے جوڑتا ہے، جبکہ کھیلوں کی سہولیات ایک صحت مند اور فعال معاشرے کی تشکیل میں معاون بنتی ہیں۔ اسی طرح شہری انفراسٹرکچر کے منصوبے شہر کو بہتر، منظم اور رہنے کے قابل بنانے میں کردار ادا کرتے ہیں۔ ترقی کا اصل مقصد صرف نئی عمارتیں بنانا نہیں بلکہ ایسی سہولیات پیدا کرنا ہے جو عوام کی زندگی میں حقیقی اور دیرپا بہتری لائیں۔

ڈپٹی کمشنر کا ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے BSDI کے تحت جاری مختلف منصوبوں کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام، پیش رفت اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل، بریگیڈیئر نعمان، سابق ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر احمد دین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی، متعلقہ محکموں کے افسران اور کنٹریکٹرز موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی کہ کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، لیبر کی تعداد میں ضرورت کے مطابق اضافہ کیا جائے اور تعمیراتی معیار پر



رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل

ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع

کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی فنڈز سے مکمل ہونے والے منصوبے پائیدار، معیاری اور عوامی ضروریات کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔

لورالائی کا مستقبل — علم، ہنر، کھیل اور ترقی حکومت بلوچستان کے ان منصوبوں کو لورالائی کے مستقبل کے حوالے سے ایک جامع ترقیاتی سوچ کا حصہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ اگر ان منصوبوں کو مقررہ وقت، شفافیت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے اور ان کی مؤثر دیکھ بھال بھی یقینی بنائی جائے تو یہ سہولیات آنے والے برسوں میں ہزاروں شہریوں، طلبہ و طالبات اور نوجوانوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہیں۔ لورالائی میں ترقی کا یہ سفر دراصل ایک ایسے مستقبل کی تشکیل کی کوشش ہے جہاں نوجوان کے ہاتھ میں کتاب بھی ہو، ہنر بھی ہو، کھیل کا میدان بھی ہو اور روزگار کے لیے ڈیجیٹل دنیا کا دروازہ بھی کھلا ہو۔ لورالائی اب صرف تعمیر نہیں ہو رہا، بلکہ ایک نئی نسل کے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھی جا رہی ہے۔

« "کتاب سے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تک، کھیل کے میدان سے روزگار تک—لورالائی ترقی کے ایک نئے سفر میں داخل ہو چکا ہے" » شہر سے تحصیل میختر تک ترقی کا دائرہ وسیع کرنا ہی متوازن اور جامع ترقی کی حقیقی تصویر ہے۔ ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری اور ڈبل اسٹوری میل و فیمیل جمنازیم، آئی ٹی ہب اور جدید فٹسال گراؤنڈز— یہ منصوبے آج کی تعمیر نہیں، کل کے لورالائی کی بنیاد ہیں۔" » ترقی کا اصل چہرہ وہ ہے جب عوام کو بہتر تعلیم، صحت مند سرگرمیاں، جدید ہنر، روزگار اور باعزت زندگی کے مواقع میسر آئیں۔ «

"اختتامی پیغام لورالائی کی ترقی کا یہ سفر اگر اسی رفتار، معیار اور تسلسل کے ساتھ جاری رہا تو BSDI کے یہ منصوبے نہ صرف ضلع کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے بلکہ تعلیم یافتہ، ہنرمند، صحت مند اور باصلاحیت نوجوان نسل کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ یہی وہ ترقی ہے جو عمارتوں سے آگے بڑھ کر انسانوں کی زندگی بدلتی ہے اور کسی بھی علاقے کے پائیدار مستقبل کی حقیقی بنیاد بنتی ہے۔

☆☆☆☆

☆☆

بقیہ 1

آئی ہے۔ جناح پیپلز ٹرین کے روٹ پر 17 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں، جن میں کچلاک، بلیلی، شیخ ماندا، جی او آر، کوئٹہ، لوڑ کاریز اور سریاب شامل ہیں۔ ٹرین کے ذریعے کوئٹہ اور مضافاتی علاقوں کے درمیان روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو متبادل اور نسبتاً کم خرچ سفری ذریعہ دستیاب ہوگا منصوبے سے طلبہ، سرکاری و نجی اداروں کے ملازمین، کاروباری افراد اور روزمرہ سفر کرنے والے شہریوں سمیت بڑی تعداد میں مسافروں کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ جناح پیپلز ٹرین نہ صرف شہریوں کی سفری مشکلات میں کمی لائے گی بلکہ کوئٹہ میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ کو کم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار مسرت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لکھا کہ عوام کو جدید، محفوظ، باعزت اور کم خرچ سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ جناح پیپلز ٹرین کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کیلئے سفری مشکلات کم کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ طلبہ، ملازمین اور کاروباری افراد کیلئے کوئٹہ اور مضافاتی علاقوں کے درمیان آمدورفت بھی مزید آسان ہوگی۔

بقیہ 2

ملتوی کیا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ محمود اچکزئی نے سہیل آفریدی سے کہا کہ 27 ستمبر لانگ مارچ کال برقرار رکھی جائے، 27 ستمبر کے لائحہ عمل سے متعلق مزید مشاورت کے بعد فیصلہ کریں گے۔ اس سے قبل سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا کہ لانگ مارچ ختم کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ کے لیے مکمل تیار ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا اور اس میں سرکاری وسائل استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت مذاکرات کرے تو لانگ مارچ سے متعلق کچھ فیصلہ ہوسکتا ہے، تاہم اس بار کچھ حاصل کیے بغیر لانگ مارچ ختم نہیں ہوگا۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہمیں کنٹینرز ہٹا کر راستے کھولنے کی ضرورت نہیں، جہاں راستہ بند ہوگا وہیں دھرنا دیا جائے گا۔ دریں اثناء پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس کے مطابق سیاسی کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا تو ابتدائی طور پر وزیر اعلیٰ سمیت تمام پارٹی رہنماؤں نے اب تک کے لانگ مارچ سے متعلق بننے والی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی اور راستے کی رکاوٹوں، بالخصوص موٹروے پر موجود رکاوٹوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ اجلاس میں ابتدائی طور پر صوابی سے تعلق رکھنے والے ایک رکن نے تجویز دی کہ فی الحال مارچ کو ملتوی کر دینا چاہیے کیونکہ مختلف اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ بات چیت چل رہی ہے، دیگر اپوزیشن جماعتوں کو ہمارے ساتھ احتجاج میں شرکت پر آمادہ کرلیا جائے تو احتجاج کا اثر زیادہ ہوگا۔ اس تجویز پر پارٹی اجلاس میں موجود کئی دیگر ارکان نے بھی اتفاق کیا۔ بیرون ملک مقیم ایک پارٹی رہنما نے اجلاس میں تجویز دی کہ اگر فی الحال مارچ ملتوی کرنا ہے تو کر دیا جائے تاہم تاریخ کا اعلان نہ کیا جائے جس پر اجلاس میں موجود ایک رہنما نے اعتراض کیا کہ اگر تاریخ نہیں دی جائے گی تو کارکن مشتعل ہوں گے جس کی دیگر ارکان نے بھی حمایت کی۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق ہوا کہ 4 اکتوبر کو صوابی کیلئے روانہ ہوا جائے گا اور 5 اکتوبر کو صوابی سے اسلام آباد کے لیے روانگی ہوگی، اس تجویز پر تمام ارکان نے اتفاق کیا تاہم پارٹی اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ باضابطہ اعلان اس وقت تک نہیں کیا جائے گا جب تک محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر کو اعتماد میں نہ لے لیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دونوں رہنماؤں کو اعتماد میں لینے کے بعد وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا مارچ ملتوی کرنے کا باضابطہ اعلان کریں گے جبکہ پارٹی کی جانب سے اس حوالے سے اعلامیہ بھی جاری کیا جائے گا

بقیہ 3

ریاستی اداروں کی مسلسل کارروائیوں کے باعث دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف دباؤ بڑھ رہا ہے اور ان کے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن دشمن عناصر کے عزائم کو مسترد کیا ہے۔ صوبے کے عوام اپنی سرزمین پر امن، استحکام اور ترقی چاہتے ہیں، جبکہ دہشت گردی کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے والوں کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں قومی عزم کی عکاس ہیں۔ پاکستان سے غیر ملکی معاونت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی اداروں کی مشترکہ کاوشیں جاری رہیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کارروائیوں میں حصہ لینے والے سیکیورٹی اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلوچستان میں امن واستحکام کیلئے سیکیورٹی فورسز اور عوام کا عزم مضبوط ہے اور دہشت گردی کے خلاف جدوجہد پوری ثابت قدمی سے جاری رہے گی۔

بقیہ 4

ہے کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کا ثبوت ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ان کارروائیوں میں 21 ستمبر سے اب تک 33 خوارج دہشتگردوں کو ہلاک کیا جاچکا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 24 ستمبر کو آپریشن شعبان کے تسلسل میں سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے مزید ٹھکانوں کو تباہ کیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارتی سرپرستی میں سرگرم 5 خوارج ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج کے ٹھکانوں سے ہتھیار، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ دوسری کارروائی ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کی گئی، آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا جہاں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 11 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی انسداد دہشتگردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ ہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 5

کی جانب سے خط میں مذاکرات کی دعوت دی گئی۔ وزیراعظم کی جانب سے اپوزیشن لیڈر کو ملاقات اور الیکشن کمیشن تعیناتیوں سے متعلق خط لکھا گیا۔ اپوزیشن ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے خط موصول ہونے کی تصدیق کر دی۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ حکومت ماضی کی ملاقاتوں کی کمٹمنٹ سے پیچھے ہٹتی نظر آرہی ہے، خط موصول ہوا ہے، رانا ثنا اللہ اور دیگر سے توقع رکھتے ہیں اپنی زبان پر قائم رہیں گے۔

بقیہ 6

اور اپنی ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات کے دوران دونوں وزرائے دوطرفہ تعلقات پر وسیع گفتگو کی اور تجارت و سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون، تعلیم، ثقافت اور عوامی روابط میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مسلسل اعلیٰ سطحی رابطے کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی پیشرفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ نے عصری چیلنجوں سے نمٹنے میں مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا

بقیہ 7

ساتھ سیاسی راستہ بھی کھلا رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔ اعلیٰ سطح کے اجلاس میں لانگ مارچ کو روکنے کے لیے انتظامی، قانونی اور سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری اور دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ لانگ مارچ کو روکنے کے لیے سیکیورٹی اور انتظامی تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جماعت اسلامی کی طرح پی ٹی آئی کے ساتھ بھی مذاکرات کا راستہ کھلا رکھنے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیاسی کوششوں کا راستہ بند نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ داخلی صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے کا فیصلہ بھی کیا گیا

بقیہ 8

ہوئے بتایا ہے کہ اب تک ملک بھر میں 58 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے، 61 لاکھ ٹوکنز کے اجراء کے بعد 47 لاکھ مستحق افراد پٹرول پمپس سے رعایتی پٹرول حاصل کر چکے ہیں، حکومت نے عوامی فیڈ بیک پر موٹر سائیکل سواروں کے لیے ایک وقت میں 5 لیٹر پٹرول ڈلوانے کی شرط ختم کر دی ہے، اوگرا کی نشاندہی پر انٹرنیٹ کی عدم دستیابی یا تکنیکی دقت کا سامنا کرنے والے پٹرول پمپس پر متبادل ایس ایم ایس بیسڈ ویریفیکیشن کا باضابطہ نفاذ کر دیا گیا ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے جمعہ کو اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں کشیدگی اور عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے کمزور طبقات کو بچانے کیلئے وزیراعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم چاروں صوبوں، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں کامیابی سے جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 8 روز کے دوران 47 لاکھ افراد اس سکیم سے مستفید ہو چکے ہیں جس کی لائیو جی آئی ایس اور ڈیش بورڈ کے ذریعے باقاعدہ مانیٹرنگ کی جارہی ہے

بقیہ 9

آمادگی کی صورت میں ایران تجاویز پر فوری عمل درآمد کے لیے تیار ہے۔ عباس عراقچی کے مطابق تجاویز امریکا کو ثالثوں کے ذریعے پیش کی گئی ہیں، جن پر اتفاق ہونے کی صورت میں 7 روز میں آبنائے ہرمز کھول دی جائے گی اور مذاکرات کا آغاز ہوجائے گا۔

بقیہ 10

موسلادھار بارشوں کے باعث پہاڑی ندی نالوں میں اچانک طغیانی (فلیش فلڈنگ) اور نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ گلگت بلتستان کے اضلاع استور، سکردو، رونڈو، گھانچے اور شگر، آزاد کشمیر کی نیلم ویلی، حویلی، پونچھ اور سدھنوتی جبکہ خیبر پختونخوا کے اضلاع سوات، باجوڑ، دیر، کوہستان، کوئی پالس، بگرام اور مانسہرہ میں ندی نالوں کے بپھرنے کا شدید خطرہ ظاہر کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں پشاور، مردان، ایبٹ آباد، ہری پور، صوابی، بنوں، ڈی آئی خان اور وزیرستان میں بھی تیز بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات اور این ڈی ایم اے کے ڈیٹا کے مطابق 30 ستمبر تک خطہ پوٹھوہار، مری و گلیات سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں گرج چمک، ژالہ باری اور موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، گجرات، سرگودھا، فیصل آباد، ساہیوال، اٹک اور چکوال سمیت متعدد شہروں میں شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے

بقیہ 11

میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر اردوان نے کہا کہ اتنے حساس اور پیچیدہ خطے میں اس نوعیت کا اہم اقدام سامنے آئے تو مختلف آزمائشوں کا سامنا ہونا فطری ہے۔ نئی سوچ اور نئی سیاسی قوت ارادی سے بعض حلقے ضرور پریشان ہوں گے، تاہم ترکیہ ایک تجربہ کار ریاست ہے، جو نہ اشتعال میں آئے گی اور نہ کسی جال میں پھنسے گی۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی اتحاد کی ادارہ جاتی تشکیل کا عمل مکمل ہونے کے بعد یہ تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ بیرونی طاقتوں کی جانب سے خطے کیلئے سیکیورٹی کے فارمولے مسلط کرنے کے نتیجے میں اکثر زیادہ عدم استحکام پیدا ہوا ہے، اس لیے اب خطے کے ممالک کو اپنے مسائل کے حل میں خود آگے آنا ہوگا۔ صدر اردوان نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے ذریعے خطے کے مسائل کا علاقائی حل تلاش کرنے کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

بقیہ 12

تاہم یہ ان کی آخری کوشش ہوگی، اس کے بعد یہ لوگ اس طرح کا رخ نہیں کرسکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جبکہ وفاقی وزرا کی جانب سے واضح طور پر کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے مطابق اگر حکومت نے ہمارے احتجاج کو روکنے کی کوشش کی تو نوجوان ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے جبکہ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی اور صدر تحریک انصاف خیبر پختونخوا جنید اکبر نے چند روز قبل اپنے بیان میں کہا تھا کہ اگر حکومت نے ہمارے احتجاج کو دبانے کی کوشش کی تو اس بار ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے

بقیہ 13

ان کے صاحبزادوں کو ان کی خدمات کے اعتراف میں حکومت بلوچستان کی جانب سے تعریفی خط پیش کیا تعریفی خط میں حکومت بلوچستان کی جانب سے شہید ملک کریم دادحسنی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ انہوں نے اپنی زندگی عوام کی خدمت، قیام امن اور پاکستان کے استحکام کیلئے وقف کر دی تھی۔ وہ بلوچستان میں امن، استحکام، ہم آہنگی اور ترقی کے ہمیشہ علمبردار رہے۔ خط میں کہا گیا کہ شہید ملک کریم دادحسنی نے پاکستان کی خودمختاری، اتحاد اور سلامتی کے عزم کے ساتھ زندگی گزاری۔ ان کی غیر متزلزل عزم، حب الوطنی اور دہشت گردی و انتہاپسندی کے خلاف بے خوف جدوجہد قیادت اور عوامی خدمت کی اعلیٰ روایات کی عکاس تھی۔ ان عظیم مقاصد کے حصول کی جدوجہد میں انہوں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا

بقیہ 14

درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کے باقاعدہ نظام کے قیام سے متعلق مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات میں دونوں وزرائے پاکستان اور بینن کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت (بی پی سی) کے قیام سے متعلق ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جس سے دونوں ممالک کے درمیان باقاعدہ مکالمے اور مشاورت کے فریم ورک کو ادارہ جاتی شکل دی گئی

بقیہ 15

کو مزید مؤثر اور عوام دوست بنائیں اور شکایات سیل 118 پر موصول ہونے والی بجلی صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے اور عوام کے ساتھ شائستہ رویہ اختیار کرنا ادارے کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور خصوصاً اوور بلنگ کے منفی اثرات کے باعث باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے صارفین کو سہولت فراہم کرنا ضروری ہے جو اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے بروقت بجلی کے بل ادا کرتے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے اس بات پر بھی زور دیا کہ واپڈا اور متعلقہ اداروں کے واجبات کی ادائیگی پر بھرپور توجہ دی جائے تاکہ اداروں کی مجموعی مالی اور انتظامی کارکردگی بہتر ہو اور بجلی کے نظام پر غیر ضروری دباؤ کم کیا جاسکے

بقیہ 16

، دوسرے صوبوں سے آنے والے سرکاری اہلکار خیبر پختونخوا کے سرکاری اہلکاروں سے الجھ رہے ہیں، جس سیکرٹریٹ سے صوبہ چلتا ہے اسے مبینہ جعلی تھریٹ کے نام پر بند کر دیا گیا ہے، اس دفعہ جب نکلیں گے تو کرپٹ نظام، جعلی حکمرانوں کا ہمیشہ کیلئے بندوبست کریں گے۔ جمعہ کو یہاں پریس کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر تک مؤخر کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ متفقہ طور پر کیا گیا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پولیٹیکل کمیٹی میں تمام معاملات پر مشاورت کی گئی اور اتفاق ہوا کہ مارچ 4 اکتوبر کو پشاور سے روانہ ہوگا۔ وفاقی وزرا پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر یونین کونسل کا الیکشن بھی نہیں جیت سکتا، وفاقی وزیر کی منتخب وزیر اعلیٰ کے خلاف زبان جو استعمال کی گئی اس کی مذمت کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ راستے بند کر کے کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں، سیاسی لوگ ہیں سیاسی جدوجہد کریں گے، ان کا خیال ہے 9 مئی جیسا آپریشن کریں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ اگر عدالتوں نے کام کرنا شروع کیا تو آدھے گھنٹے میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت ہو جائے گی، سپریم کورٹ نے عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا لیکن عمل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عرصہ پہلے وزیر اعلیٰ پنجاب نے بیان دیا کہ مجھے انڈیا سے نہیں اپنے دیگر صوبوں سے خطرہ ہے، رانا ثناء اللہ ہمیں کہتے ہیں کہ دہشت گرد ہیں، یہ خیبر پختونخوا کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں، سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمارے ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا کی سرحد پر راستے بند کیے گئے ہیں، ہم سیاسی اور پرامن لوگ ہیں لیکن یہ چاہتے ہیں کہ 9 مئی کی طرح پھر تحریک انصاف کے خلاف مقدمات بنائیں

بقیہ 17

وزارت کے مطابق افغان وزارت دفاع نے دعویٰ کیا کہ افغان افواج کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم یہ دعویٰ بالکل غلط اور من گھڑت ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ 24 اور 25 ستمبر کی درمیانی شب گلستان سیکٹر میں افغان جارحیت کی کوشش ناکام بنائی گئی، طالبان کی چوکیوں کو شدید نقصان پہنچا، کم از کم 13 افغان طالبان اہلکار ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے

بقیہ 18

بلوچستان کے ان بچوں نے نایاب ڈاک ٹکٹ جمع کر کے نہ صرف ایک منفرد شوق کو فروغ دیا بلکہ اپنی صلاحیتوں سے پاکستان میں اپنے صوبے کا نام بھی روشن کیا، جو ان کیلئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ڈاک ٹکٹ محض کاغذ کے ٹکڑے نہیں بلکہ ملکی تاریخ کے اہم واقعات اور عسکری اداروں کی خدمات کی یادگار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجموعے میں شامل بعض ڈاک ٹکٹ ان شہداء سے بھی منسوب ہیں جنہوں نے مختلف جنگوں میں وطن کے دفاع کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں اور ان کی قربانیوں کے باعث ملک کی سلامتی اور خودمختاری کا تحفظ ممکن ہوا۔ وزیر اعلیٰ نے طلبہ کی اس منفرد کاوش کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسی مثبت اور تعمیری سرگرمیاں بچوں میں تحقیق، مطالعے اور تاریخ سے وابستگی کا شعور اجاگر کرتی ہیں۔

بقیہ 19

نیشنل فیس لیس سینٹر (این ایف سی) قائم کر دیا ہے، یہ فیصلہ بورڈ آف ریونیو کونسل نے جمعہ کو اپنے اجلاس میں کیا، نیشنل فیس لیس سینٹر ایک بڑا اقدام ہے جو پاکستان میں ٹیکس آڈٹ اور اسیسمنٹ کے طریقہ کار کو بدل دے گا۔ اب تک اگر کسی ٹیکس دہندہ کا گوشوارہ آڈٹ کے لیے منتخب ہوتا تو اسے ایک مخصوص دفتر کے ایک مخصوص افسر سے، اکثر بالمشافہ، معاملہ کرنا پڑتا تھا۔ نئے نظام میں یہ رابطہ ختم ہو جائے گا۔ کیسز کا انتخاب کوئی افسر نہیں بلکہ ایک کمپیوٹرائزڈ، رسک پر مبنی نظام کرے گا۔

بقیہ 20

کارروائی میں 11 دہشت گردوں کو ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت انٹیلی جنس کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ شاہد رند نے آپریشن شبان کے دوران دہشت گردوں کے مزید ٹھکانوں کے خلاف کارروائی اور پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت کو بھی اہم پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد کی برآمدگی اس امر کی واضح نشاندہی کرتی ہے کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف مؤثر انداز میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی مسلسل کارروائیاں ملک اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہیں

بقیہ 21

میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال اور پارٹی کی حکمت عملی زیر بحث آئی۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ ہم سیاسی جماعت ہیں، اتفاق رائے اور تفصیلی مشاورت سے فیصلے کرتے ہیں، علامہ راجہ ناصر عباس اور محمود اچکزئی کو پارٹی معاملات سے آگاہ کرتے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر کی بے پناہ عزت کرتا ہوں، بھی اپوزیشن لیڈرز کو فون پر نہیں بتاتا، خود ان کے پاس آکر بتاتا ہوں۔

بقیہ 22

بریفنگ دی گئی۔ اس کمیٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں، تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز کے ذریعے بااختیار اور حوصلہ افزائی دینی چاہیے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کی ترقی میں مؤثر مثبت کردار ادا کرسکیں۔ اجلاس میں BSDI پروجیکٹ کے فیزٹو کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں اس امید کا اظہار کیا گیا کہ منصوبے کے آئندہ مراحل میں بھی کام کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے مقررہ اہداف حاصل کیے جائیں گے

بقیہ 23

دی گئی، جس میں متعدد طالبان ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق چمن سیکٹر میں پاک افغان سرحدی علاقے پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام بنادی گئی، اس کارروائی میں متعدد افغان طالبان ہلاک ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ افغانستان کی جانب سے چمن سیکٹر پر جارحیت کی کوشش کی گئی جس پر سیکیورٹی فورسز نے بروقت جوابی کارروائی کی۔ پاک فوج نے اشتعال انگیز فائرنگ کا مؤثر اور بھرپور جواب دے کر دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افواج نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیامیٹ کردیا۔

بقیہ 24

جہازوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے والے اداروں کے اعداد وشمار کے مطابق ان تیل بردار جہازوں میں موجود خام تیل کی مجموعی مالیت تقریباً 60 کروڑ ڈالر بنتی ہے۔ اگرچہ تینوں ٹینکرز کے ٹرانسپونڈرز پر اس وقت امریکا کو منزل کے طور پر ظاہر نہیں کیا گیا، تاہم تیل بردار جہازوں کی نگرانی کرنے والی ویب سائٹ ٹینکر ٹریکرز نے بتایا ہے کہ یہ جہاز امریکا کی سمت سفر کر رہے ہیں۔ میری ٹائم ڈیٹا پلیٹ فارم کپلر کے اعداد وشمار بھی ان جہازوں کی بحر اوقیانوس کی جانب پیش قدمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان تین ٹینکرز میں مجیسٹک ایکس، ٹفانی اور لینور شامل ہیں۔ کپلر کے مطابق مجیسٹک ایکس نے 31 جولائی سے 2 اگست کے دوران مختصر مدت کے لیے اپنی منزل امریکا ظاہر کی تھی، جب وہ ملائیشیا کے قریب سے بحر اوقیانوس کی سمت بڑھ رہا تھا۔ مجیسٹک ایکس اور ٹفانی اس وقت برازیل کے شمالی ساحل کے قریب موجود ہیں۔ دونوں جہازوں کو اپریل میں ایران سے تیل لوڈ کرنے کے بعد امریکا نے قبضے میں لیا تھا

بقیہ 25

بلوچ، مختلف اضلاع کے صدور اور ریجنل سیکریٹریز نے بھی خطاب کیا، اجلاس سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پورے خطے میں جنگی صورتحال ہے بلوچستان پہلے سے دو دہائیوں سے بدامنی و انسرجنسی اے دوچار ہے موجودہ ملکی و بین الاقوامی حالات نے مزید پیچیدگیاں پیدا ہوئیں انہوں نے کہا کہ دنیا میں طاقت کا توازن ایک بار پھر بدل رہا ہے نئی صف بندی ہورہی ہے جس سے سماج میں انتشار لازم ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ بڑی سیاسی جماعتوں کے سمجھوتوں سے ہمیشہ جمہوریت کو نقصان اور آمریت کو تقویت ملی ہے، پی ڈی ایم کا تلخ تجربہ سب کے سامنے ہے، صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل اور وسائل پر کوئی سمجھوتہ نہیں دوست موجودہ حالات میں تنظیم کاری پر بھرپور توجہ دیں، سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا کہ جب بھی ملک میں مضبوط آمریت مسلط ہوئی ہے سب سے پہلے چھوٹے صوبوں اور صدارتی نظام کی بات کی گئی ہے تاکہ عوام کو تقسیم کریں اور جمہوریت کی راہیں مسدود ہوجائیں بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال اور مرکز کی نظریں ان وسائل پر لگی ہوئی ہیں

بقیہ 26

انشورنس انڈسٹری کی ڈیٹا رپورٹ جاری کر دی، جس کے مطابق 2025 میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے۔ واضح رہے کہ انشورنس انڈسٹری کے ادا کیے گئے کلیمز کا ڈیٹا پہلی بار جاری کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق لائف انشورنس سیکٹر میں مجموعی طور پر 410 ارب روپے کے کلیمز ادا کیے گئے، جبکہ نان لائف انشورنس کمپنیوں نے 132 ارب روپے کے کلیمز کی ادائیگی کی۔ لائف انشورنس کمپنیوں نے وفات سے متعلق 33 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے۔ نان لائف کمپنیوں نے صحت اور حادثات سے متعلق سات لاکھ 20 ہزار سے زائد کلیمز نمٹائے۔ رپورٹ کے مطابق موٹر انشورنس کے دو لاکھ 82 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے گئے، جبکہ آگ اور املاک سے متعلق تقریباً 11 ہزار کلیمز نمٹائے گئے

بقیہ 27

ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں جنہیں پارلیمانی سفارت کاری اور عملی تعاون کے ذریعے مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ وہ مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی قیادت میں پارلیمانی وفد سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی روابط، تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم، دفاع، سیاحت، موسمیاتی تبدیلی، عوامی روابط اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے مالدیپ کے اسپیکر اور پارلیمانی وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ دوطرفہ سطح کے علاوہ سارک، او آئی سی اور اقوام متحدہ سمیت کثیرالجہتی فورمز پر بھی تعاون کو اہمیت دیتا ہے

بقیہ 28

800 سی سی تک کی گاڑیوں کیلئے ہر 10 دن بعد 1000 روپے تک کی رعایت فراہم کی جارہی ہے۔ جمعہ کو یہاں وفاقی وزیر شزا فاطمہ خواجہ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے بتایا کہ پٹرول ریلیف سکیم پر کامیابی سے عمل درآمد جاری ہے، گزشتہ دو روز کے دوران میں نے اپنے حلقے کی تینوں تحصیلوں میں تقریباً 40 پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور شہریوں بالخصوص موٹر سائیکل سواروں سے براہ راست بات چیت کی۔ بزرگ شہریوں اور طلبہ سمیت متعدد افراد کی رجسٹریشن میں نے خود کرائی اور انہیں موقع پر ہی ریلیف حاصل کرتے دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور لوڈر استعمال کرنے والوں کیلئے سکیم کے تحت ہر ہفتے 500 روپے کا مفت پٹرول فراہم کیا جارہا ہے جو ماہانہ تقریباً 2000 روپے بنتا ہے جبکہ 800 سی سی تک کی چھوٹی گاڑیوں کے لیے ہر 10 دن میں 1000 روپے تک کی رعایت دی جا رہی ہے جو ماہانہ تقریباً 3000 روپے بنتی ہے۔

بقیہ 29

اے کے ساتھ مل کر اس سکیم کی تیاری پر کام کر رہے تھے۔ یہ سکیم خود انحصاری کے تحت مارکیٹ کی بنیاد پر کام کرے گی تاکہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنی ترسیلات بینکاری کے باضابطہ ذرائع سے وطن بھجوانے میں آسانی فراہم کی جائے، انہیں ترغیب دی جائے اور اس طرح ترسیلات حاصل کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں کی ترسیلات پاکستان کے طول وعرض میں مقیم لاکھوں خاندانوں کے لیے آمدنی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ ان ہی ترسیلات سے ان کے گھریلو اخراجات پورے ہوتے ہیں، تعلیم اور صحت کی سہولت حاصل ہوتی ہے، اور سرمایہ کاری اور اقتصادی مواقع کے لیے وسائل مہیا ہوتے ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے ملک کے بیرونی کھاتے میں آنے والے استحکام کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ مالی سال 22 میں ناپائیدار سطح تک پہنچ گیا تھا اور اس کی وجہ سے زرمبادلہ ذخائر تیزی سے کم ہوگئے تھے

بقیہ 30

، دہشت گردوں نے تمام سیاسی جماعتوں پر حملے کیے مگر تحریک انصاف دہشت گردوں کی منظور نظر رہی ہے، صوبے میں غیر قانونی گولڈ کی مائننگ میں ان کے سیاسی لوگ ملوث ہیں جو غیر قانونی مائننگ اور ٹھیکوں کے ذریعے دہشت گردوں کو فنڈ کرتے ہیں، صوبائی حکومت دہشت گردوں کی سہولت کاری سے باز رہے۔ جمعہ کو یہاں پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال سب کے سامنے ہے، صوبائی حکومت نہ صرف حالات سے لاعلم ہے بلکہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے حوالے سے اقدامات لینے سے بھی گریزاں ہے، صوبائی حکومت دہشت گردوں کی سہولت کاری کر رہی ہے۔ دہشت گردوں نے تمام سیاسی جماعتوں پر حملے کیے مگر تحریک انصاف دہشت گردوں کی منظور نظر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف دہشت گردوں کی مذمت کرنے اور ان کے خلاف کارروائی سے گریزاں رہتی ہے۔

بقیہ 31

شعبے سے متعلق ترامیم سی ایل سی کی سفارشات اور تجاویز شامل کرنے سے مشروط ہیں۔ سی ایل سی نے پاکستان کوسٹ گارڈز ایکٹ 1973 میں علاقائی فنڈ کے قواعد سے متعلق ترمیم اور ڈرگس ریسرچ رولز 1978 میں مجوزہ ترمیم کی منظوری دے دی۔ ایف آئی اے ایکٹ 1974 میں مجوزہ ترامیم اور امیگریشن رولز 1979 میں ترامیم کا معاملہ مؤخر کردیا گیا۔

بقیہ 32

مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے ہنہ گورک بائی پاس پر ایک خاتون نے مبینہ طور پر اپنے ایک سالہ بیٹے نعمت اللہ اور 20 روزہ بچی حمیدہ کو چھری کے وار کر کے ہلاک کردیا اور خود کو بھی چھری سے زخمی کرلیا۔ پولیس نے نعشوں اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا ہنہ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 33

منتقل کرنے کا آغاز کردیا گیا ہے، پوزولان پراسیسنگ کے بعد مین ڈیم کے رولر کمپیکٹڈ کنکریٹ (آر سی سی) ورکس میں استعمال ہوگا پراجیکٹ کے مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی بچھانے کا عمل جلد شروع ہوگا، چیئرمین واپڈا اور چیف سیکرٹری گلگت بلتستان کی ہدایات پر پوزولان نکالنے اور منتقلی کے لیے انتظامات مکمل کیے گئے، کمپنی سے پوزولان میٹریل کی لفراہمی مین ڈیم کی تعمیر کے اگلے مرحلے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 34

بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہرنائی - کوئٹہ اور ہرنائی - سنجاوی قومی شاہراہوں کی از سر نو تعمیر کیلئے میں بارہا اسلام آباد گیا اور وفاقی وزارت مواصلات، NHA اور وفاقی وزارت منصوبہ بندی و ترقیات کے حکام سے ملاقاتیں کرکے ضلع ہرنائی کی خستہ حال قومی شاہراہوں کی صورتحال سے آگاہ کرتا رہا۔ میں نے وفاق سے بارہا اپیل کی کہ ہرنائی کی قومی شاہراہوں کی تعمیر کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہماری مسلسل جدوجہد اور انتھک کوششوں سے وفاقی وزارت مواصلات نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ذریعے ہرنائی - کچ ٹو کوئٹہ اور ہرنائی ٹو سنجاوی قومی شاہراہوں کی تعمیر کا ٹینڈر جاری کر دیا ہے، جو وفاقی حکومت اور وفاقی وزارت مواصلات کا انتہائی اہم اور قابل تحسین اقدام ہے، جس پر ہم وفاقی حکومت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں

بقیہ 35

کیلئے قومی یکجہتی اور باہمی اتحاد ناگزیر ہے۔ قوموں اور قبائل کے درمیان نفرت، تعصب، باہمی اختلافات، قبائلی تنازعات اور دشمنیوں نے معاشرے کو شدید نقصان پہنچایا ہے اب وقت آگیا ہے کہ ہم اختلافات کو پس پشت ڈال کر اتحاد، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان صوبے کا مستقبل ہیں، انہیں جہالت، ظلم، جبر، بدامنی اور لاقانونیت کے خاتمے کیلئے تعلیم، جدید علوم اور ہنر کے حصول پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ تعلیم اور ہنر ہی کے ذریعے نوجوان اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کو بہتر بنانے کے ساتھ بلوچستان کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ 36

کہا ہے کہ افغان حکومت افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ افغانستان سے پاکستان میں عسکریت پسندوں کی کارروائیاں جاری رہیں اور افغانستان نے مؤثر اقدامات نہ کیے تو پاکستان کیلئے قومی سلامتی کے تحفظ کے اقدامات مزید سخت کرنا ناگزیر ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ افغانستان میں بھارت کے بڑھتے ہوئے سفارتی اور تزویراتی روابط پاکستان کیلئے تشویش کا باعث ہیں۔ افغان سرزمین کو پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت اور افغانستان کے براہ راست ملوث ہونے کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان متعدد بار یہ شواہد عالمی برادری کے سامنے پیش کر چکا ہے۔ چمن اہم تجارتی اور آمدورفت کا راستہ ہے

بقیہ 37

پارٹی رہنماؤں نے اپنے اپنے علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور ضروریات سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفد میں شامل پارٹی رہنماؤں کے مسائل اور تجاویز غور سے سنیں اور مفاد عامہ سے متعلق مختلف امور کی منظوری بھی دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے عوام کو بہتر اور جدید سفری و طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو ایمرجنسی رسپانس ٹراما سینٹر، پیپلز ایئر ایمبولینس، پیپلز گرین بس اور پیپلز پنک بس سروس عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے فعال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو جدید، محفوظ اور کم خرچ سفری سہولت کی فراہمی کیلئے جناح پیپلز ٹرین سروس بھی بہت جلد شروع کر دی جائے گی، جس سے کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کو سفری سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 38

، نوجوانوں کی تعلیم و تربیت، کیمونٹی ڈویلپمنٹ، خواتین کی بااختیاری اور سماجی ترقی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے میں نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور عملی تربیت کی فراہمی، ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں معاشی و سماجی ترقی کے عمل میں مؤثر طور پر شامل کرنے کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے انسانی وسائل کی استعداد کار میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 39

براہ راست پلیٹ فارم فراہم کرنا اور متعلقہ سرکاری محکموں کے ذریعے شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنانا تھا کھلی کچہری کے دوران خواتین نے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام BISP سے متعلق مسائل، کیس کی فراہمی، مالی معاونت، علاج معالجے کی سہولیات، بنیادی ضروریات، سرکاری امداد اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل سے متعلق اپنی شکایات اور مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے خواتین سے پیش کی جانے والی ہر شکایت کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ افسران سے موقع پر ہی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں ڈپٹی کمشنر نے بعض شکایات کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں

بقیہ 40

کوٹکس کی خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی، جس میں انسپکٹر علی نواز لہڑی، کانسٹیبلان مصری عمرانی، فتح علی لہڑی، عبدالغنی لہڑی، عبدالغفار، امداد حسین، عابد علی، محمد یوسف، مختیار احمد ساسولی، وکیل احمد اور دیگر اہلکار شامل تھے۔ ٹیم نے اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے ڈیرہ مراد جمالی میں قومی شاہراہ پر عبداللہ شاہ ٹاؤن کے قریب موٹر سائیکل سوار کو روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر سے مبینہ طور پر چھپائی گئی 6 کلو آئس برآمد ہوئی، جس کے بعد ملزم کو گرفتار کر کے منشیات قبضے میں لے لی گئی۔ ایس ای او جاوید احمد بلوچ نے بتایا کہ واقعے کے حوالے سے تمام قانونی کارروائی مکمل کی جارہی ہے

بقیہ 41

شین گل خان ترین کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ہرنائی گورنمنٹ ہائی اسکول کو ان کے نام سے منسوب کیا جائے گا۔ شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ان کی خدمات اور قربانیاں نئی نسل کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید شین گل خان ترین کے نام سے منسوب اسکول شہید کی یاد اور ان کی قربانی کی علامت ہوگا۔ شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے قوم اور وطن کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں، جنہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 42

کوئٹہ کی پیش رفت کا مفصل طور پر جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ روداد اجلاس محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان کے متعلقہ فورم کی منظوری کے لئے پیش کیا جائیگا اجلاس میں ایڈیشنل سیکریٹری محنت وافرادی قوت، زوار احمد، چیف آف سیکشن محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان، شکیل بزدار، ڈائریکٹر مین پاور ارشاد احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا سہیل احمد۔ ایس ڈی او سی اینڈ ڈبلیو شاہ محمد، سیکشن آفیسر ڈویلپمنٹ محنت وافرادی قوت بلوچستان، اقبال بازئی اور دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 43

اپنے سب ڈویژن میں پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور ریفیوزل کیسز کی مکمل کوریج کو یقینی بناتے ہوئے بیچ اپ پلان پر مؤثر عملدرآمد کریں

بقیہ 44

عروج پر ہیں، جہاں طلباء کو نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ اسی سلسلے میں سکول کے سائنس ٹیچر نیک محمد نے کلاس نہم کے طلباء کو مضمون فزکس کے عملی تجربات (پریکٹیکل) کروائے۔ اس موقع پر طلباء نے فزکس کے مختلف عملی تجربات میں بھرپور حصہ لیا اور سائنسی اصولوں کو عملی طور پر سمجھنے کا موقع حاصل کیا۔ سائنس ٹیچر نے طلباء کو تجربات کے طریقہ کار، احتیاطی تدابیر اور سائنسی اصولوں سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی۔

بقیہ 45

کنزرویٹر وائلڈ لائف محمد رفیق تجک، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل سیوی طاہر خان ڈومکی اور اسسٹنٹ جیل تیمور شاہ نے دیگر عملے کے ہمراہ جیل کے احاطے میں مختلف اقسام کے پودے لگائے اور خود بھی شجرکاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے حکام نے کہا کہ مون سون کا موسم شجرکاری کیلئے انتہائی موزوں ہوتا ہے اور ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ سیوی کو سرسبز و شاداب بنانے کیلئے یہ مہم انتہائی اہمیت کی حامل ہے

بقیہ 46

فیصلہ کیا گیا کہ ضلع گوادر کی سطح پر مرکزی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں منعقد کی جائے گی، جس کی صدارت رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کریں گے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تقریب میں ضلع بھر سے اساتذہ، تعلیمی اداروں کے سربراہان، محکمہ تعلیم کے افسران اور تعلیم کے شعبے سے وابستہ افراد کو مدعو کیا جائے گا، جبکہ تقریب کو مؤثر، باوقار اور یادگار بنانے کیلئے تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اس موقع پر کہا گیا کہ اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور معاشرے کی مثبت تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں،

بقیہ 47

دکانوں کی مکان مالکان کو منتقلی سمیت تاجروں کو درپیش دیگر مسائل سے ڈپٹی کمشنر پنجگور کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور یاسر اقبال دشتی نے تاجروں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے حل کیلئے بروقت اقدامات کیے جائیں گے اور سینما چوک کی نوتعمیر دکانوں کی مکان مالکان کو منتقلی کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ملاقات میں آل مکران تاجران کے صدر اسحاق روشن، جمال مری، غلام اعظم دشتی اور زیر تربیت نائب تحصیلدار بھی موجود تھے۔

بقیہ 48

کے تعاون سے موبائل گشت کیلئے موٹر سائیکلیں پولیس کو فراہم کی گ ء ہیں انڈسٹریل زون میں قائم صنعتی یونٹس کے جاب ڈیٹا کلیکشن سےمتعلق بتایا کہ سوشل سیکورٹی اور ای او بی۔ آء کے حوالے سے متعدد کوائف صنعتکار فراہم نہیں کررہے ہیں ایم ڈی لیڈا نے ادارے کی مینجمنٹ ذمہ داریوں، صنعتی اداروں کو درپیش مسائل ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ایشوز سے آگاہ کیا کمشنر لسبیلہ کو ایم ڈی لیڈا نے بتایا کہ ساحلی پٹی گڈانی کی سسٹنیبل ترقی کیلئے ماسٹر پلان کی کنسلٹنسی پر کام جاری ہے کراچی سے نزدیک ترین لیڈا کا انڈسٹریل اسپیشل اکنامک زون اور گڈانی سائٹ انفراسٹرکچر سہولیات اور سیکورٹی کے حوالے سے موزوں ترین ہے لیڈا اسپیشل اکنامک زون میں سرمایہ کار گہری دلچسپی رکھتے ہیں لیڈا انفراسٹرکچر اور بنیادی سہولیات فراہم کرکے سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہمی کیلئے تیار ہے ایم ڈی لیڈا نے کمشنر کو بتایا کہ لیڈا انڈسٹریل زون میں صنعتی شعبے کی ضروریات کے پیش نظر گریڈ اسٹیشن منصوبے پر کام جاری ہے ایم ڈی لیڈا نے بریفنگ میں بتایا کہ بلوچستان کو ایف بی آر کی جانب سے 200 بلین ٹیکس ریونیو شیئر ملا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت پر لیڈا ضلع حب میں بند صنعتوں کے حوالے سے پالیسی مرتب کرچکی ہے بند صنعتوں کی بحالی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا اور ٹیکس جنریشن میں اضافہ ہوگا

بقیہ 49

ڈیرہ مراد جمالی ربی کینال میں زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف سینکڑوں زمیندار اور کاشتکار سراپا احتجاج بن گئے ربی پل کے مقام پر قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا جس سے سندھ بلوچستان۔ کے درمیان چلنے والی ٹریفک گھنٹوں بھر معطل رہی سینکڑوں چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی اور ہزاروں مسافر پھنس کر رہ گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس حکام اور بھاری نفری موقع پر پہنچ کر مظاہرین سے کامیاب مزاکرات کر کے احتجاج ختم کروایا اور روڈ ٹریفک کیلئے کھول دی گئی۔

بقیہ 50

کا مظاہرہ کیا گیا۔ شکایت کے بعد ایس ایس پی آپریشن سریاب اور ایس ایچ او تھانہ عبدالخالق شہید نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، جو مذکورہ علاقے کے رہائشی بھی ہیں، سے فوری طور پر رابطہ کر کے علاقے کی صورتحال سے متعلق معلومات حاصل کیں اور عوام کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ بلوچستان میڈیا فورم نے پولیس ہیلپ لائن کے کوئیک رسپانس اور ایس ایس پی آپریشن سریاب کی جانب سے فوری رابطے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کی شکایات پر اسی طرح بروقت توجہ دی جائے تو جرائم کی روک تھام اور عوام کے اعتماد میں اضافہ ممکن ہے۔ فورم کے مطابق پولیس کی فوری کارروائی کے بعد مری ٹاؤن اور گردونواح کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے امید ظاہر کی کہ مری ٹاؤن مشرقی بائی پاس سمیت شہر کے دیگر حساس علاقوں میں بھی پولیس گشت اور نگرانی کا مؤثر نظام برقرار رکھا جائے گا تاکہ شہری بلاخوف اپنی روزمرہ زندگی گزار سکیں۔ فورم نے عوام سے بھی اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا واردات کی صورت میں فوری طور پر پولیس ہیلپ لائن سے رابطہ کریں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 51

ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم مقدمہ نمبر 04 / 2026 بجرم 337Hii.34-186-353 ت پ میں مطلوب حمل خان ولد مہر علی عرف کجلہ قوم نندوانی کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید تفتیش پولیس کررہی ہے

بقیہ 52

ملک محمد حسین، بنگلزئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری نے بیان میں ڈھاڈر میونسپل کمیٹی میں چیف آفیسر کی مزدور و عوام دشمن پالیسیوں کا نوٹس لے کر تحقیقات کی جائیں رہنماؤں نے کہ مزکورہ آفیسر میونسپل کمیٹی کے ڈیلی ویجز اور مستقل چھوٹی ڈیوٹی پر حاضر ملازمین سے جینے کا حق چھیننے کے درپے ہیں جو مختلف حیلو بہانوں سے ملازمین کی کئی کئی ماہ کی تنخواہیں بند معزور اور دیگر ملازمین سے ناجائز کٹوتیوں نے محنت کشوں کے اہل وعیال کو فاقوں سے دوچار کر دیا ہے جس کی جتنی مزمت کی جائے کم ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ موصوف آفیسر دھونس دھاندلی کے بل بوتے پر ناجائز طریقے سے ملازمین پر الزامات کے زریعے کئی ماہ کی تنخواہوں کی بندش کے بعد ایک دو تنخواہ دے کر خاموش اور اپنا حق مانگنے پر ہمارے محنت کش کو نوکری سے برطرفی کی دھمکیاں دیرہا ہے جو انسانی حقوق اور آئین و لیبر قوانین کی خلاف ورزی اور ناانصافی ہے

بقیہ 53

مطالبہ کیا کہ پولیس چھینے گئے موٹر سائیکلوں اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے لیے مؤثر اقدامات کرے اور وارداتوں میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ محمد علی تھانے کی حدود میں بھی ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ تشویشناک ہے، تاہم ان واقعات کی روک تھام کے لیے پولیس کی جانب سے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ضلع صحبت پور میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کرکے عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 54

، نائب امیر مولانا نقیب احمد، جوائنٹ سیکرٹری مولانا امیر الدین، سیکرٹری مالیات مفتی عارف اللہ عادل، ڈپٹی سیکرٹری مالیات مولانا جلال الدین، معاون سیکرٹری اطلاعات قاری فصیح اللہ، سالار بھائی روزی خان اور سیکرٹری اطلاعات حافظ احمد شاہ صدیقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں مجلس عمومی کے انعقاد کے حوالے سے تفصیلی غور وفکر کیا گیا اور باہمی مشاورت و اتفاق رائے سے مجلس عمومی کے مقام اور وقت کا تعین کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جمعیت علماء اسلام عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد مفتی سمیع الحق نے کہا کہ جماعتی پیغام معاشرے کے ہر فرد تک پہنچانا ہر کارکن کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کارکنان عوام اور علاقائی زعماء تک جماعت کا مثبت اور اصلاحی پیغام مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ جماعتی سرگرمیوں اور دعوتی مشن کو آگے بڑھانے کے لیے باہمی رابطے اور تنظیمی نظم و ضبط کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک دعوتی جماعت ہے، اس لیے معاشرے کے ہر فرد تک جماعت کا دعوتی اور تنظیمی پیغام پہنچنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے باقاعدہ لائحہ عمل بنانے کی ضرورت ہے تاکہ جماعتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ مفتی سمیع الحق نے مزید کہا کہ اسی سلسلے میں علاقائی زعماء کے اعزاز میں ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں علاقائی زعماء کی عزت افزائی کے ساتھ ساتھ علاقے کے مسائل پر مشاورت کی جائے گی اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مؤثر اقدامات پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی زعماء تک جماعتی پیغام پہنچانا اور انہیں جماعتی سرگرمیوں سے جوڑنا ہر کارکن کی ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں جماعتی نظم ونسق، تنظیمی امور اور آئندہ کی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی مختلف امور پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ 55

سرپرست اعلیٰ شہدوست دشتی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پنجگور امجد شہزاد، ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن پنجگور کے سابق صدر عبدالرحیم بلوچ، اسپورٹس آفیسر پنجگور غفار یوسف، اسپورٹس آفیسر تمپ حبیب مراد، آل مکران تاجر اتحاد کے صدر اسحاق روشن دشتی، انجمن تاجران پنجگور کے چیئرمین غلام اعظم دشتی، جمال مری سمیت سیاسی، سماجی، تعلیمی اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ ڈیلٹا اسکول تربت اور پنجگور گرامر اسکول کے درمیان کھیلا گیا، جس میں کھلاڑیوں نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر کھلاڑیوں، اساتذہ اور منتظمین میں بھرپور جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پنجگور یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ نوجوانوں میں موجود کھیلوں کے ٹیلنٹ کو تلاش کرکے اسے نکھارنے اور مناسب مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام اسکول سطح کے نوجوان کھلاڑیوں کیلئے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا اہم پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے پنجگور میں کرکٹ کے فروغ کیلئے پی سی بی کوئٹہ ریجن کے صدر شہدوست دشتی اور منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نوجوانوں کو کھیلوں کیلئے بہتر ماحول اور سہولیات کی فراہمی کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پنجگور امجد شہزاد نے کہا کہ اسکولوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ سے طلبہ میں نظم و ضبط، ٹیم ورک اور صحت مند مسابقت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، جبکہ ایسے پروگرام مستقبل کے باصلاحیت کھلاڑیوں کی تیاری میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ پی سی بی کوئٹہ ریجن کے صدر و ٹورنامنٹ کے سرپرست اعلیٰ شہدوست دشتی نے کہا کہ ٹورنامنٹ کا مقصد پنجگور کے اسکولوں میں موجود باصلاحیت کرکٹرز کو سامنے لانا اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ کی بنیاد پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 56

تعمیراتی معیار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی اسکیمات منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار اور فنی اصولوں کے مطابق مکمل کی جائیں۔ اس موقع پر چیف آفیسر غلام سرور خان رند نے وارڈ نمبر 1 میں سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سے قبل ان کے معیار اور کارکردگی کو بھی چیک کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب میں معیاری سامان کے استعمال اور تکنیکی تقاضوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو دیرپا اور مؤثر سہولت میسر آسکے، چیف آفیسر غلام سرور خان رند نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی، صفائی، نکاسی آب اور بنیادی شہری سہولیات کی بہتری میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا اور کسی بھی مرحلے پر معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ جاری ترقیاتی اسکیمات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جارہی ہے تاکہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل ہونے کے ساتھ ساتھ عوام کی ضروریات اور توقعات پر بھی پورا اتریں۔ میونسپل کمیٹی گنداخہ شہریوں کو بہتر بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 57

کو درپیش مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے اور ٹیوب ویل کی اراضی کو قبضے سے واگزار کرایا جائے۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ کلی ملک عمر خان میں پینے کا صاف پانی ناپید ہو چکا ہے اور اہل علاقہ ٹریکٹروں کے ذریعے پانی حاصل کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی مشکلات نے عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کی بیشتر زمین پر قبضوں کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ معتبرین نے الزام عائد کیا کہ سابق ایکسین پی ایچ ای کی جانب سے ٹیوب ویل کی زمین پر فارم ہاؤس اور دو کوارٹرز قائم کیے گئے ہیں، جسے اہل علاقہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری سطح پر متعدد مرتبہ جگہ خالی کرنے کے احکامات جاری کیے جانے کے باوجود مبینہ طور پر متعلقہ شخص اراضی خالی کرنے پر آمادہ نہیں۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ وہ پرامن شہری ہیں اور کسی قسم کا تصادم نہیں چاہتے، تاہم اگر علاقے میں کسی شہری کو نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری مبینہ قبضہ کرنے والے عناصر اور ان کے بااثر سرپرستوں پر عائد ہوگی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سرکاری اراضی واگزار، فارم ہاؤس اور دیگر تعمیرات کے معاملے کی شفاف تحقیقات اور کلی عمر خان میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں شکاہ فقیر، خوشحال کاسی، حاجی صالح محمد، طاہر پانیزی، حاجی عبدالہادی، شان عالم، راز محمد، اظہار خان، سالار کاسی اور مشر اسماعیل خان سمیت دیگر معتبرین نے شرکت کی۔

بقیہ 58

اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ میڈیا برادری ایک مضبوط اور متحرک پلیٹ فارم کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم نے مختصر عرصے میں صوبے کے مختلف اضلاع اور ڈویژنوں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے۔ فورم کا بنیادی مقصد میڈیا سے وابستہ افراد کے مسائل کو اجاگر کرنا، ان کے حقوق کا تحفظ، آزادی صحافت کا دفاع اور دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سوشل میڈیا بھی خبر رسانی اور عوامی مسائل اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ بن چکا ہے، اس لیے سوشل میڈیا ورکرز اور دیگر میڈیا سے وابستہ ساتھی بھی صحافتی برادری کا اہم حصہ ہیں۔ بلوچستان میڈیا فورم سب کو ساتھ لے کر چلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور کسی بھی میڈیا ورکر کے ساتھ ناانصافی کی صورت میں بھرپور آواز بلند کی جائے گی

بقیہ 59

وسائل مختص کیے جائیں تاکہ صوبے بھر کے اسکولوں، صحت کے مراکز اور عوامی مقامات پر بنیادی حفظان صحت کی سہولیات یقینی بنائی جاسکیں۔ یہ مطالبہ کوئٹہ میں صوبائی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ منعقدہ مشاورتی نشستوں کے دوران سامنے آیا، جن کی قیادت فورم فار ڈگنٹی انیشی ایٹو کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے کی۔ اس موقع پر عظمیٰ یعقوب نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کی حفظان صحت عوامی خدمات کے ان شعبوں میں شامل ہے جنہیں طویل عرصے سے مناسب توجہ نہیں مل سکی، حالانکہ اس کا براہ راست اثر آبادی کے ایک بڑے حصے پر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی سطح پر جامع پالیسی اور واضح فریم ورک نہ ہونے کے باعث اسکولوں، صحت کی سہولیات اور سرکاری اداروں میں بنیادی ضروریات کی فراہمی متعلقہ اداروں کی انفرادی استعداد اور ترجیحات پر منحصر ہے، جس کے نتیجے میں بعض اداروں میں مناسب سہولیات موجود ہیں جبکہ دیگر مقامات پر طالبات اور خواتین بنیادی ضروریات سے بھی محروم رہتی ہیں

بقیہ 60

کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کی مگر دفعدار یوسف جان سنجرانی کلب دالبندین نے میچ جیت لیا۔ دلچسپ میچ کے مہمان خاص مرکزی انجمن تاجران دالبندین کے صدر ٹکری نور احمد ساسولی تھے۔ سیکرٹری ڈی ایف اے چاغی حاجی عبدالباری بلوچ، ماسٹر قادر بخش بلوچ، سیکرٹری محمد حیات بجئی، میر محمد بلال ساسولی، کونسلر میونسپل کمیٹی دالبندین میر عبدالجلیل سالانی، بابائے چاغی پینل کے سینئر رہنما ملک ظفر نوتیزئی، ماسٹر جلیل ریکی، آغا گل رودینی، ڈاکٹر خیر جان بجئی سمیت دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ریفری کے فرائض میر شاہد خان سنجرانی جبکہ فاروق سیاہ پاد اور ابرار میر اسسٹنٹ ریفری اناؤنسر نادر زیب جبکہ بورڈ اسکورر ماسٹر عید محمد مینگل تھے۔ ٹورنامنٹ کے سیکرٹری ماسٹر میر احمد بجئی سمیت دیگر اراکین موجود تھے۔ مہمان خاص مرکزی انجمن تاجران دالبندین کے صدر ٹکری نور احمد ساسولی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کو نقد 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کردیا۔

بقیہ 61

ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم مقدمہ نمبر 04 / 2026 بجرم 337Hii.34-186-353 ت پ میں مطلوب حمل خان ولد مہر علی عرف کجلہ قوم نندوانی کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید تفتیش پولیس کررہی ہے

بقیہ 62

کے بعد سدھیر جان کلب چاغی نے میچ جیت لیا دلچسپ میچ کے مہمان خاص خان محمد عمر خان سنجرانی انٹر کالج نوکنڈی کے پرنسپل عالم اقبال واب تھے شاہ نذر بلوچ اور ایم این ای آفیسر چاغی سعید مہر، پرنسپل حاجی عبدالباری بلوچ، انجمن تاجران دالبندین کے صدر ٹکری نور احمد ساسولی، ماسٹر قادر بخش بلوچ، منیجر نیشنل بینک دالبندین زوھیب بلوچ، ماسٹر غلام نبی یوسفزئی، کیپٹن شفیق سنجرانی، استاد یوسف ساقی، استاد عبدالرزاق بلوچ، سنگت سعید، حاجی دین جان مینگل، ملک ظفر نوتیزئی، کونسلر میر عبدالجلیل سالانی، بلال ساسولی، آغا گل رودینی، میر محمد حیات بجئی، ماسٹر جلیل ریکی، درویش محبوب ملنگ سمیت شائقین کی بہت بڑی تعداد موجود تھی ریفری کے فرائض ظفر اقبال نوتیزئی تھے جبکہ بورڈ اسکورر صوفی عطاء اللہ آپچش جبکہ اناؤنسر نادر زیب اور ثناء شیرزئی تھے ٹورنامنٹ کے صدر حاجی مظہر سنجرانی، سیکرٹری ماسٹر منیر احمد بجئی بھی موجود تھے

بقیہ 63

اتماخیل نے کیا، جبکہ پہلے میچ میں ٹاؤن سکول اور نورانی سکول کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔ افتتاحی میچ کے موقع پر طلباء، اساتذہ اور کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ ٹورنامنٹ کے انعقاد سے سکول کے طلباء سمیت مختلف تعلیمی اداروں سے وابستہ نوجوانوں کو اپنی کرکٹ صلاحیتوں کے اظہار اور کھیل کے میدان میں آگے بڑھنے کا موقع میسر آرہا ہے۔ اس موقع پر پرنسپل جمال الدین اتماخیل نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ کھیلوں کا فروغ طلباء کی متوازن شخصیت سازی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ کھیل نوجوانوں کو جسمانی طور پر صحت مند رکھنے کے ساتھ ساتھ ان میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت، قیادت، خود اعتمادی اور مثبت سوچ جیسی اہم صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مواقع فراہم کر کے نوجوان نسل کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی اور کھیلوں کی سرگرمیوں پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے

بقیہ 64

تشکیل میں اخبارات کے کلیدی کردار کو اجاگر کرنا ہے۔ خیالات کا اظہار معروف جرنلسٹ ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاڈر نے عالمی یوم اخبار بینی کے موقع پر نے اپنے خصوصی بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ہم عالمی یوم اخبار بینی کے موقع پر تمام اہل وطن اور بالخصوص نوجوان نسل کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ آج کے دور میں جہاں سوشل میڈیا پر جھوٹی اور بے بنیاد خبریں عام ہیں، وہاں اخبار آج بھی سچ، تحقیق اور ذمہ دارانہ صحافت کی علامت ہے۔" ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاڈر نے مزید کہا کہ اخبار صرف خبر نہیں دیتا بلکہ ہمیں سوچنا، سمجھنا اور معاشرے کے حالات کا درست تجزیہ کرنا سکھاتا ہے۔ جس طرح صحت مند جسم کے لیے اچھی غذا ضروری ہے، اسی طرح صحت مند ذہن کے لیے اچھی اور مستند کتاب اور اخبار کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔

بقیہ 65

اضلاع سے تعلق رکھنے والے نوجوان سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سیاحت بلوچستان گہرام بخشی بلوچ نے شرکاء کو بلوچستان کے اہم سیاحتی مقامات، قدرتی حسن، تاریخی ورثے، ثقافت اور روایات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں سوشل میڈیا بلوچستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے اور صوبے کے سیاحتی مقامات کو دنیا بھر میں متعارف کرانے کا مؤثر ذریعہ ہے۔ نوجوان انفلوئنسرز اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے بلوچستان کی خوبصورتی، ثقافت اور تہذیب کو دنیا کے سامنے مؤثر انداز میں پیش کرسکتے ہیں۔

بقیہ 66

ادارے نے کارروائی کرتے ہوئے 14,500 روپے کی رقم براہ راست خاتون کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دی۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کے پسماندہ علاقے بھلونک، کرخ کی رہائشی محترمہ حسینہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار نے اپنے موقف میں بیان کیا تھا کہ وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی حقدار ہیں، لیکن متعلقہ ادارے کی جانب سے نامعلوم وجوہات کی بنا پر انہیں ان کا وظیفہ ادا نہیں کیا جا رہا تھا جس کی وجہ سے وہ شدید مالی مشکلات کا شکار تھیں۔ اس عوامی شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے بی آئی ایس پی کے متعلقہ حکام سے فوری جواب طلب کیا اور معاملے کی شفاف انکوائری کی۔ محتسب آفس نے غفلت کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ محکمے کو سخت ہدایات جاری کیں کہ غریب اور مستحق خاتون کی رکی ہوئی رقم بغیر کسی مزید تاخیر کے فوری طور پر ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے بی آئی ایس پی انتظامیہ نے درخواست گزار کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے بطور مالی معاونت منتقل کردیے جس کی تصدیق محکمے کی جانب سے بھی کردی گئی ہے۔

بقیہ 67

علیحدہ ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر منعقدہ کھلی کچہری کے دوران علاقہ مکینوں نے اپنے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے عوامی مسائل توجہ اور ہمدردی سے سنے اور ان کے حل کیلئے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ بارکھان میرا گھر ہے اور علاقے کے عوام کی خدمت میری ذمہ داری ہے۔ محدود دستیاب وسائل کے باوجود عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے رشتہ توڑنا ممکن نہیں، عوامی خدمت کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ان کی دہلیز پر مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے گی

بقیہ 68

شریک ہوئے چیمبر آف کامرس کے جنرل سیکرٹری رفعت انجم نے اجلاس کے شرکاء کو حب انڈسٹریل زون کے صنعتی یونٹس کی آپریشنل سرگرمیوں اور بلوچستان کی صنعتی شعبے سے وابستہ صنعتکاروں کو درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی رفعت انجم نے بتایا کہ لسبیلہ چیمبر آف کامرس 1995 میں رجسٹرڈ کی گ ء 2022 میں انتظامی تبدیلی کے بعد حب چیمبر آف کامرس قائم کی گ ء انہوں نے بریفنگ میں بتایا کہ انویسٹرز تیزی سے پھیلتے صنعتی شہر حب کے اسپیشل صنعتی زون میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں حکومت نے 406 ایکڑ sez کیلئے مختص کیئیں جنرل سیکرٹری چیمبر آف کامرس نے بتایا کہ نئے صنعتی زون اور انڈسٹریز کی صنعتی ضروریات کیلئے بجلی فراہمی میں کیالیکٹرک کی جانب سے مناسب رسپانس نہ ملنے کیوجہ سیلیڈا کا sez منصوبہ آگے نہیں بڑھ رہا ہے ملکی معیشت کی ترقی کیلئے صنعتکار اربوں روپے ٹیکس ادائیگی کے باوجود مسائل سے دوچار ہیں کراچی پورٹ سے نزدیک ترین لیڈا یںصنعتی شعبے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے 50 میگاواٹ کیپاور پلانٹ کا منصوبہ ک ءسالوں سے پایپ لائن میں ہیاانہوں نے بتایا کہ گیس بلوچستان سے نکلتی ہے لیکن بلوچستان کے صنعتکار آج بھی گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں حالانکہ یہ ہمارا آئینی بنیادی حق ہے کہ جس صوبے سے گیس نکلتی ہے اس صوبے کی صنعتی اداروں کو گیس کی سہولت فراہم کیجائے چیمبر آف کامرس کے جنرل سیکرٹری نے تجویز پیش کی کہ حکومت کراچی سے گڈانی تک ریلوے لائن ٹریک بچھانے کی منظوری دے تو گڈانی کی شپ بریکنگ انڈسٹری سمیت ضلع حب کے انڈسٹریز کی صنعتی پیداوار آگے بڑھیں گی

بقیہ 69

بجرم 324, 147,148,149, ت پ میں مطلوب ملزمان 01 عبدالخالق ولد عبدالرشید، 02 احسان ولد الف خان اقوام گاجانی کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید تفتیش پولیس کررہی ہے

بقیہ 70

اکبر جاگرانی نے کہا کہ صوبائی محتسب کا ادارہ عوام کو بلا تاخیر اور مفت انصاف کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ اگر کسی بھی صوبائی سرکاری ادارے، افسر، ملازم یا پولیس کی جانب سے شہریوں کے ساتھ کسی قسم کی انتظامی ناانصافی یا بدعنوانی کی جائے تو متاثرہ افراد بغیر کسی ہچکچاہٹ کے محتسب اعلیٰ کے دفتر میں اپنی شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

بقیہ 71

اینڈ ڈسبرسنگ آفیسرز (DDOs)، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے مسائل اور شکایات براہ راست سنیں گے اور ان کے فوری حل کیلئے موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے جائیں گے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے سرکاری ملازمین اور پنشنرز پر زور دیا ہے کہ وہ کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسے اقدامات سے بھرپور استفادہ حاصل کریں اور اپنے مسائل و شکایات کے حل کیلئے براہ راست رابطہ کریں، تاکہ انہیں بروقت سنا اور قانون و قواعد کے مطابق حل کیا جاسکے

بقیہ 72

میں مشکلات نے عام شہری کی زندگی کو متاثر کیا ہے، حکومت کو فوری طور پر ایسی معاشی پالیسیوں پر توجہ دینا ہوگی جن کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ اور قدرتی وسائل سے مالا مال خطہ ہے، یہاں گیس، معدنیات، تانبہ، سونا، ساحل اور گوادر جیسی بے پناہ معاشی صلاحیت موجود ہے، مگر صوبے کے عوام آج بھی تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی، بجلی، گیس، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد میں صوبے کے عوام کو مؤثر اور منصفانہ حصہ دیا جائے اور معدنی و دیگر منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع پیدا کیے جائیں

بقیہ 73

میں چاہے وہ عبادات کے ہوں یا معاملات کے ان سب میں بنیاد نیت ہے۔ آج سارا زور اس بات پر لگایا جارہا ہے کہ لوگ میرے بارے کیا سوچتے ہیں میری حیثیت کیا ہے؟ میرا پہننا اوڑھنا کیسا ہے میرا لائف اسٹائل کیسا ہے۔ لیکن جو اصل ہے جسے نیت کہتے ہیں اس کو ہم نے بھلا دیا ہے۔ جس پر تمام اعمال کا دارومدار ہے۔ اگر دل میں نفاق ہوگا تو سارے دعوے دھرے کے دھرے رہ جائیں گے۔ اور اگر دل میں خلوص ہو تو یہ ایسی شئے ہے جو بندے کو ڈوبنے نہیں دیتا۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے روز خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بخشش ہمارے اعمال سے نہیں اللہ کے کرم سے ہوگی۔ وہ ایسا اعمال نامہ ہوگا لوگ کہیں گے کہ کیسا اعمال نامہ ہے جس نے چھوٹی سی چھوٹی بات کو بھی نہیں چھوڑا ہر عمل اس پر لکھا ہوا ہے۔ جزا و سزا مزاج انسانی پر بہت گہرا اثر رکھتا ہے۔ ایمان کے جتنے حصے ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہے اللہ کریم نے وہ سارے ہمیں عطا فرمادیئے ایمان کے بغیر کوئی انسانی تعمیر کرہی نہیں سکتا جس میں عدل ہو جس میں انصاف ہو۔ جسے اچھا اور اعلیٰ کہا جاسکے۔

شیروانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شیروانی عبدالستار شیرانی، شیرانی ٹاؤن میں عوام مسائل پر منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد کی اہم کارروائی، موٹر سائیکل کی سیٹ سے 6 کلو آئس برآمد، ملزم گرفتار

موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر 6 کلو آئس چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کرنے کی کوشش کر رہا تھا

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر مبینہ طور پر چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کی جانے والی 6 کلو آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد کے ای ٹی او جاوید احمد بلوچ نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گرفتار ملزم آصف جمالی، رہائشی اوستہ محمد، موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر 6 کلو آئس چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پر ایکسائز اینڈ اینٹی نار (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد نے منشیات کے خلاف کارروائی میں گرفتار ملزم اور منشیات بارے میڈیا کو آگاہ کیا جا رہا ہے

بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے انسانی وسائل کی استعداد کار میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے' سرفراز بگٹی

عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان کے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی سربراہی میں مختلف ڈویژنوں اور اضلاع سے تعلق رکھنے والے پارٹی عہدیداران اور رہنماؤں نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارٹی امور، تنظیمی معاملات اور عوام کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے آئی ڈی ایس پی کی سربراہ ڈاکٹر قرۃ العین بختیاری کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انسٹی ٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی) کی سربراہ ڈاکٹر قرۃ العین بختیاری نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں انسانی وسائل کی ترقی (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

فریدہ ترین کی زیرِ صدارت خواتین کے مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے کھلی کچہری

عوامی شکایات کے حل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی' ڈپٹی کمشنر صحبت پور

فرید آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت خواتین کے مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات براہ راست ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے کھلی کچہری کا مقصد خواتین کو ان کے مسائل کے حل کے لیے ایک موثر اور (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

صحبت پور' ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین خواتین کے مسائل سننے حوالے سے منعقدہ کھلی کچہری میں درخواستیں وصول کر رہی ہیں

ہرنائی' گورنمنٹ ہائی اسکول کو شہید شین گل خان ترین کے نام سے منسوب کرنے کے احکامات جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہرنائی گورنمنٹ ہائی اسکول کو پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے جنرل سیکرٹری شہید شین گل خان ترین کے نام سے منسوب کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے پانچویں روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

کل سے دو روزہ کیچ اپ سرگرمیاں شروع کی جائیں گی' مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے پانچویں روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم کی پیش رفت، ریفوزل کوریج اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کل سے دو روزہ کیچ اپ سرگرمیاں شروع کی جائیں گی، جس کے تحت رہ جانے والے بچوں اور بالخصوص ریفوزل کیسز کی سو فیصد کوریج یقینی بنائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

تعمیراتی منصوبے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار کوئٹہ کا پیش رفت کا جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) تعمیراتی منصوبے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار کوئٹہ کا پیش رفت کا جائزہ اجلاس سیکریٹری محنت و افرادی قوت بلوچستان صالح محمد ناصر کے زیر صدارت انکے دفتر بلوچستان سول سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں تعمیراتی منصوبے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار علمدار روڈ (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

زیارت اور ہرنائی دونوں اضلاع کی ترقی و خوشحالی میری اولین ترجیح ہے' نور محمد دمڑ

ہرنائی، کوئٹہ اور ہرنائی، سنجاوی قومی شاہراہوں کے ٹینڈر جاری ہونا ضلع کے عوام کیلئے بڑی خوشخبری ہے، عوام سے کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنا رہا ہوں

عوام کو محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی، حادثات میں نمایاں کمی آئے گی، صوبائی وزیر

ہرنائی (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ہرنائی کی دونوں اہم قومی شاہراہوں کی ازسرِ نو تعمیر کیلئے وفاقی وزارتِ مواصلات/نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی جانب سے ٹینڈر طلب کیا جانا ضلع ہرنائی کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا ہونا ہے۔ شاہراہوں کی تعمیر کے ٹینڈر جاری ہونا ضلع ہرنائی کے عوام کیلئے بہت بڑی خوشخبری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں سے (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سالن سنجاوی میں تدریسی و تعلیمی سرگرمیاں عروج پر

طلباء کو عملی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے تعلیمی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ضلع زیارت میں تعلیمی معیار کی بہتری اور طلباء کو عملی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے تعلیمی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سالن سنجاوی میں تدریسی و تعلیمی سرگرمیاں (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

ہر متنفس کو موت کے دروازے سے گزرنا ہے' امیر عبدالقدیر اعوان

سکرات الموت کے لحات کے وقت مشکل اور آسانی کا تعین ہم نہیں کر سکتے

کوئٹہ (پ ر) ہر متنفس کو موت کے دروازے سے گزرنا ہے۔ سکرات الموت کے لحات کے وقت مشکل اور آسانی کا تعین ہم نہیں کر سکتے کیونکہ ایک لمحے میں روح نکل جائے اور اللہ کریم اسے صدیوں کی طوالت دے دیں تو کون ہے جو اسے محدود کر سکے گا؟ آج کی جدت نے ہمیں ہر چیز سکھا دی ہے لیکن بنیاد جو نیت ہے اس کی طرف ہماری توجہ نہیں ہے۔ تمام امور (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

فہد حسین عمرانی کا مختلف ہوٹلز اور کھانے پینے کے مراکز کا اچانک دورہ

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کھنی فہد حسین عمرانی نے مختلف ہوٹلز اور کھانے پینے کے مراکز کا اچانک دورہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی، کھانے پینے کی اشیاء کے معیار اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیرِ صدارت ایک اہم انٹرنل میٹنگ

تمام سرکاری امور کو مقررہ مدت اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے' وریندر لعل

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ایک اہم انٹرنل میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں ضلع بھر میں جاری مختلف انتظامی امور، ماہانہ و ہفتہ وار پیش رفت رپورٹس، سرکاری امور کی بروقت تکمیل اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ افسران اور ذمہ دار اہلکاروں نے شرکت کی اور اپنے اپنے شعبوں سے متعلق پیش رفت، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔

مسائل کے حل کیلئے ملکر اخلاص کیساتھ عملی جدوجہد کیا جائے' مولانا ہدایت الرحمٰن

جماعت اسلامی عوام کی فلاح و بہبود، ترقی، خوشحالی، امن، عدل و انصاف اور بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے

بلوچستان کے مسائل کے حل، پائیدار ترقی، امن، خوشحالی اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے قومی یکجہتی اور باہمی اتحاد ناگزیر ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پوپلزئی قومی جرگہ کے چیئرمین حاجی تیمور شاہ پوپلزئی کی جانب سے منعقدہ یوم تاسیس کی پروقار تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور حاجی تیمور شاہ پوپلزئی نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل، پائیدار ترقی، امن، خوشحالی اور بھائی چارے کے فروغ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

سیوی' مون سون شجر کاری مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ جیل سیوی میں بھی شجر کاری

سیوی (خ ن) ناظم اعلیٰ جنگلات سیوی زاہد خان رند کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں جاری مون سون تجر کاری مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ جیل سیوی میں بھی شجر کاری کی گئی، جس میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور محکمہ جیل خانہ جات کے افسران و اہلکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ جیل سیوی حماد اعوان، ڈویژنل فارسٹ آفیسر سیوی طارق شاہ، اسسٹنٹ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

گوادر' 5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے کی تقریب کے انعقاد اور انتظامات کے حوالے سے اجلاس

اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور معاشرے کی مثبت تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر تعلیم گوادر زاہد بلوچ کی زیر صدارت 5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے کے موقع پر ضلعی سطح پر مرکزی تقریب کے انعقاد اور انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد اور محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹیچرز ڈے کے حوالے سے مجوزہ پروگرام، انتظامی امور اور اساتذہ کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے سمیت مختلف امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کیچ سے نثار آدم جوسکی کی سربراہی میں انجمن تاجران کیچ کے وفد کی دفتر میں ملاقات

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے نثار آدم جوسکی کی سربراہی میں انجمن تاجران کیچ کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار آدم جوسکی نے سینما چوک پر نو تعمیر شدہ (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

پی اے ایس کے 48 ویں بیچ کے افسران کا پی ڈی ایم اے بلوچستان کے ہیڈکوارٹرز کوئٹہ کا دورہ

یہ مطالعاتی دورہ حکومت بلوچستان کے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) کی درخواست پر منعقد کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس* (پی اے ایس) کے 48 ویں بیچ کے افسران نے خصوصی تربیتی پروگرام کے سلسلے میں صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان کے ہیڈکوارٹرز کوئٹہ کا دورہ کیا، جس کا مقصد زیر تربیت افسران کو بلوچستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے، ہنگامی صورتحال میں ردعمل اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا تھا۔

ربی کینال میں زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف مشتعل زمینداروں نے بلوچستان سندھ قومی شاہراہ کو بند کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ربی کینال میں زرعی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف مشتعل سینکڑوں زمیندار اور کاشتکاروں نے قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا سندھ بلوچستان کے درمیان ٹریفک معطل ہزاروں مسافر پھنس کر رہ گئے پولیس کے مطابق (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ساحلی پٹی گڈانی میں صنعتی شعبے کی ترقی کیلئے ماسٹر پلان کی کنسلٹنسی پر کام جاری

لیڈا کا انڈسٹریل اسپیشل اکنامک زون اور گڈانی سائٹ انفراسٹرکچر سہولیات اور سکیورٹی کے حوالے سے موزوں ترین ہے

حب (خ ن) ایم ڈی لیڈا لیاقت علی شانی نے کہا ہیکہ لیڈا صنعتکاروں کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہمی کیلئے اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیمبر آف کامرس کے دفتر میں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء اور اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ میں بتایا ایم ڈی لیڈا نے کہا کہ لیڈا کیا انڈسٹریل زون کی سیکیورٹی ایس او پیز کے تحت سات سکیورٹی انٹری گیٹ بنائے گئے ہیں ہائیٹ پولیس ڈیپارٹمنٹ کو انڈر ٹیکنگ کا عمل باقی ہے چیمبر آف کامرس (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، پی ای سی اور این ڈی یو کے اشتراک سے نوجوان انجینئرز کے دوسرے پرسنالٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کی افتتاحی نشست کا منظر

پولیس ہیلپ لائن کوئٹہ کا کوئیک رسپانس

مری ٹاؤن مشرقی بائی پاس میں وارداتوں کی شکایت پر فوری کارروائی

ایس ایس پی آپریشن سریاب کا بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ سے فوری رابطہ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق مری ٹاؤن مشرقی بائی پاس میں بڑھتی ہوئی وارداتوں اور عوام کو درپیش سکیورٹی مسائل کے حوالے سے پولیس ہیلپ لائن کو شکایت درج کرائی گئی، جس پر پولیس حکام کی جانب سے فوری اور موثر ردعمل (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کی یقین دہانی کے بعد کسان اتحاد نے اسلام آباد لانگ مارچ موخر کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کسان اتحاد نے حکومت بلوچستان کی درخواست پر اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ اور دھرنا موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق صوبائی وزیر علی مدد جتک کی قیادت میں حکومتی وفد نے کسان (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے' رستم کھوسہ

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے

فرید آباد (رپورٹ اعجاز پیچوہا) نیشنل پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر رستم خان کھوسہ نے ضلع صحبت پور میں حالیہ دنوں کے دوران بڑھتے ہوئے چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

خضدار سے دو افراد کی نعشیں برآمد

خضدار (این این آئی) خضدار سے دو افراد کی لاشیں برآمد، ایک لاش اورناچ برآمد کی گئی جس کی شناخت نہیں ہوسکی، دوسری لاش تحصیل زہری سے برآمد کی گئی جس کی شناخت عبدالرسول زہری کے نام سے ہوئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں افراد کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا تھا۔

وزیر اعلیٰ سے ٹیوب ویل کی زمین واگزار کرانے کی اپیل

کلی ملک عمر خان ایئرپورٹ روڈ کے مکینوں کا اجلاس، قبضہ مافیا کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) کلی ملک عمر خان ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کے معتبرین کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقے کے بنیادی مسائل، بالخصوص پینے کے صاف پانی کی شدید قلت اور سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کے معاملے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ہمدردانہ اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کلی ملک عمر خان میں عوام (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر میونسپل کمیٹی میں چیف آفیسر کی مزدور و عوام دشمن پالیسیوں کا نوٹس لے کر تحقیقات کی جائیں، خان زمان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

جماعتی پیغام معاشرے کے ہر فرد تک پہنچانا ہر کارکن کی بنیادی ذمہ داری ہے' مفتی سمیع الحق

جماعتی سرگرمیوں اور دعوتی مشن کو آگے بڑھانے کیلئے باہمی رابطے اور تنظیمی نظم و ضبط کو مزید مضبوط بنایا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کی مجلس عاملہ کا اجلاس امیر مفتی سمیع الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عاملہ کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں سرپرست مولانا نعمت اللہ، سرپرست حاجی محمد طاہر، امیر مفتی سمیع الحق، سیکرٹری جنرل مولانا محمد اشرف، سینئر نائب امیر مولانا ثناء اللہ، نائب امیر مولانا حماداللہ، نائب امیر مفتی موسیٰ کلیم (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

کیچ میں انٹر اسکولز کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

تربت (خ ن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت ضلع کیچ میں انٹر اسکولز کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے۔ تقریب میں پی سی بی کوئٹہ ریجن کے صدر و ٹورنامنٹ کے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا' سرور خان رند

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا اور کسی بھی مرحلے پر معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

گنداخہ (نامہ نگار فرید احمد) میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گنداخہ غلام سرور خان رند نے میونسپل کمیٹی کے انجینئر کے ہمراہ شہر کے مختلف وارڈز میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کر کے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا، دورے کے دوران وارڈ نمبر 1 میں جاری سیوریج سسٹم، نکاسی آب اور نالیوں کی تعمیر کے کام کا خصوصی معائنہ کیا گیا۔ چیف آفیسر نے جاری تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل اور (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گنداخہ غلام سرور خان رند نے میونسپل کمیٹی کے انجینئر کے ہمراہ شہر کے مختلف وارڈز میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

افغان سرزمین کو پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے' عبدالقادر

افغانستان نے اپنی روش ترک نہ کی تو پاکستان یہ سرحدی راستہ بند کرنے پر مجبور ہو جائے گا،

افغانستان نے بھارتی ایما پر اپنی پاکستان مخالف روش نہ بدلی تو اسے اسکی قیمت چکانا پڑے گی' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے عالمی بحری دن کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ چمن، اسپین بولدک سرحدی علاقے میں ایک بار پھر شدید کشیدگی نے پاکستان کی مغربی سرحدی سلامتی کے حوالے سے اہم سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ پاکستان کیلئے یہ معاملہ محض ایک سرحدی جھڑپ نہیں بلکہ قومی سلامتی، داخلی استحکام اور علاقائی امن سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعظم پاکستان کے عوامی رابطے اور مسائل کے فوری حل کے وژن کے تحت اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق کھلی کچہری 5 اکتوبر 2026 بروز پیر صبح 11:00 بجے اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں منعقد ہوگی۔ کھلی کچہری کے دوران اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان صوبائی سرکاری محکموں کے ڈرائنگ (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

امن و سیاسی استحکام طاقت کے زور پر نہیں لایا جاسکتا۔ پروفیسر حلیم صادق

ملکی مسائل کا حل سیاسی استحکام، معاشی بحالی اور قومی اتفاقِ رائے میں ہے۔ صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک اس وقت سیاسی، معاشی اور امن و امان کے حوالے سے اہم چیلنجز سے گزر رہا ہے، ایسے حالات میں تمام سیاسی قوتوں اور ریاستی اداروں کو قومی مفاد، آئین کی بالادستی اور عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے مسائل اور کاروباری سرگرمیوں (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

پولیس تھانہ شہید شیر حسین ہزارہ کی کاروائی روپوش ملزم گرفتار

مطلوب حمل خان ولد مہر علی عرف کجلہ قوم نندوانی کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

فرید آباد (نامہ نگار) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز پنچوتھا کی خصوصی ہدایات پر ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید شیر حسین ہزارہ انسپکٹر عبیداللہ مینگل اپنی (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

خواتین کی حفظانِ صحت کی پالیسی کی باضابطہ منظوری اور نفاذ کے عمل کو تیز کیا جائے، عظمیٰ یعقوب

کوئٹہ (این این آئی) فورم فار ڈگنٹی انیشی ایٹو (ایف ڈی آئی) نے بلوچستان میں حفظانِ صحت کی جامع پالیسی کو باضابطہ طور پر منظور اور نافذ کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس مقصد کیلئے سالانہ بجٹ میں باقاعدہ مالی (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

میڈیا برادری ایک مضبوط اور متحرک پلیٹ فارم کی ضرورت محسوس کرتی ہے' گووندا راہیجہ

سیوی ڈویژن سمیت بلوچستان بھر میں فورم کی تنظیم سازی اور فعالیت کا عمل جاری ہے

بھاگ (نامہ نگار) بلوچستان میڈیا فورم سیوی ڈویژن کے صدر گووندا راہیجہ، جنرل سیکرٹری قاضی اسد سندیلہ، نائب صدر راحت حمزہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری رئیس حضور بخش اور فنانس سیکرٹری محبوب علی ڈوکی نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبے بھر کے صحافیوں، سوشل میڈیا ورکرز اور میڈیا سے وابستہ ساتھیوں کیلئے امید کی کرن بن چکا ہے اور فورم کو ملنے والی پذیرائی (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد' صوبائی محتسب اعلیٰ کے ریجنل ڈائریکٹر علی اکبر جاگرانی کا گرلز ڈگری کالج کا دورہ

طالبات اور اساتذہ کو ادارے کی کارکردگی پر آگاہی لیکچر

جیکب آباد: (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد: صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کے ریجنل ڈائریکٹر علی اکبر جاگرانی نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج جیکب آباد کا اہم دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے کالج کی طالبات، لیکچرارز اور پرنسپل سے ملاقات کی اور انہیں صوبائی محتسب کے ادارے کے فعال کردار، کارکردگی اور عوامی شکایات کے سریع الوجود ازالے کے طریقہ کار پر ایک تفصیلی اور جامع آگاہی لیکچر دیا۔ آگاہی لیکچر سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل ڈائریکٹر علی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

بارکھان، سردار عبدالرحمن کھیتران کی حاجیکوٹ میں کھلی کچہری

بارکھان (این این آئی) سردار عبدالرحمن کھیتران نے اپنے آبائی گاؤں حاجیکوٹ، بارکھان میں مختلف وفود، نمائندہ قبائلی عمائدین، تمن داروں اور علاقے کے مکینوں سے علیحدہ (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

پولیس تھانہ عادل پور کی کاروائی روپوش ملزمان گرفتار

عبدالخالق اور احسان کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

فرید آباد (رپورٹ اعجاز پیچوہا) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز پنچوتھا کی خصوصی ہدایات پر ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ قائم مقام ڈی ایس پی عبدالسلام کھوسہ کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایس ایچ او پولیس تھانہ عادل پور سب انسپکٹر میر حسن کھوسہ اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم مقدمہ نمبر 05/2026 (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

ٹورنامنٹ کے صدر حاجی مظہر سنجرانی، سیکرٹری ماسٹر منیر احمد لجئی بھی موجود تھے

دالبندین (نامہ نگار) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچ سدھیر جان کلب چاغی اور بلوچ کلب نوکنڈی کی ٹیموں کے درمیان بمقام مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین میں کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کی مگر ایک دلچسپ مقابلے (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

دالبندین (نامہ نگار) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچ دفعدار یوسف جان سنجرانی کلب اور انس جان کلب چاغی کی ٹیموں کے درمیان مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین میں (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

خضدار کی مستحق خاتون کو بی آئی ایس پی (BISP) کے رکے ہوئے 14,500 روپے مل گئے

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار کی فوری اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی مستحق خاتون کو ان کا طویل عرصے سے رکا ہوا مالی وظیفہ بالآخر مل گیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت پر متعلقہ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت صنعتکاروں لیڈا آفیشل انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جوائنٹ میٹنگ

گیس بلوچستان سے نکلتی ہے لیکن بلوچستان کے صنعتکار آج بھی گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت چیمبر آف کامرس حب میں صنعتکاروں لیڈا آفیشل انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جوائنٹ میٹنگ منعقد کی گئی میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل معروف صنعتکار چیمبر آف کامرس کی ایگزیکٹیو کمیٹی کے صدر یعقوب کریم اور جنرل سیکرٹری رفعت انجم ایگزیکٹیو کمیٹی ممبر شعیب و دیگر (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

تعلیم کے ساتھ کھیلوں کا فروغ، ماڈل ہائی سکول لورالائی میں پی سی بی انٹر سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز

افتتاحی میچ کا آغاز گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی کے پرنسپل محترم جمال الدین اتمانخیل نے کیا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی کے کرکٹ گراؤنڈ میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام انٹر سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔ افتتاحی میچ کا آغاز گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی کے پرنسپل محترم جمال الدین (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

قومی و عالمی یومِ اخبار بینی نہایت جوش و خروش سے منایا گیا

اخبار صرف خبر نہیں دیتا بلکہ ہمیں سوچنا، سمجھنا اور معاشرے کے حالات کا درست تجزیہ کرنا سکھاتا ہے' ذوالفقار احمد گاڈر

میلسی (جنرل رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر کی طرح میلسی میں بھی آج قومی و عالمی یومِ اخبار بینی نہایت جوش و خروش سے منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل دور میں اخبار بینی کی اہمیت، مستند معلومات کی فراہمی اور رائے عامہ کی مثبت (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی کے کرکٹ گراؤنڈ میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام انٹر سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے آغاز کے موقع پر گروپ فوٹو

کوئٹہ' ''ڈیجیٹل میڈیا انگیجمنٹ پروگرام''

ریڈیو پاکستان بلوچستان کی ثقافت، روایات اور مثبت سرگرمیوں کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے' صدیقہ خان

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی اور سیکرٹری سیاحت و ثقافت حمید اللہ خان ناصر کی خصوصی ہدایات پر محکمہ سیاحت بلوچستان اور ریڈیو پاکستان کوئٹہ کے اشتراک سے ''ڈیجیٹل میڈیا انگیجمنٹ پروگرام'' کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد بلوچستان کے نوجوان سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو ڈیجیٹل میڈیا کے مؤثر استعمال کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے کے سیاحتی، ثقافتی اور تاریخی ورثے کو سوشل میڈیا کے ذریعے ملکی و عالمی سطح پر اجاگر کرنا تھا۔ تقریب میں بلوچستان کے مختلف (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

بارکھان، امن و امان عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے منعقدہ جرگے میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ اور دیگر متعلقہ افسران و معززین شریک ہیں